سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

وراثت

جلد: 3
شمارہ: 2

Volume:3....No:2

VIRASAT

Designed by:Gurmeet Singh

VIRASAT

Quarterly Journal of Ethnic Literature

Volume:3....No:2

Editorial Staff
Mufti Shafiq-ur-Rahman
Dr. Abid Ahmad Bhat
Dr. Syed Iftikhar Ahmad
Dr. Shabnum Rafiq
Asmat Aziz

J & K ACADEMY OF ART CULTURE & LANGUAGES

Jammu & Kashmir Academy of Art , Culture & Languages,
Srinagar

سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جلد:3............شمارہ:2

(اپریل تا جون 2024ء)

نگران

بھارت سنگھ

مجلسِ ادارت

مفتی شفیق الرحمٰن ...... اُردو
ڈاکٹر عابد احمد ...... انگریزی
ڈاکٹر سید افتخار احمد ...... کشمیری
ڈاکٹر شبنم رفیق ...... کشمیری
عصمت عزیز ...... اُردو

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

ناشر: سیکریٹری، جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

کمپیوٹر کمپوزنگ : گورمیت سنگھ
سرورق : گورمیت سنگھ
تعداد : 300
مطبع : گورنمنٹ پریس سرینگر
قیمت :

''وراثت'' میں شائع ہونے والے مضامین میں ظاہر کی گئی آراء سے اکیڈیمی کا کُلیاً یا جزئیاً متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

خط و کتابت کا پتہ

مفتی شفیق الرحمٰن خان
انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر۔
جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز لال منڈی سرینگر
موبائیل نمبر:9906842887
email: syediftikharacademy@gmail.com

(حصۂ اُردو)

فہرست

نمبر شمار	عنوان	مصنف/ترجمہ کار	صفحہ نمبر
1	کشمیر میں ادبِ اطفال صورتحال اور امکانات	شاکر شفیع	7
2	وادیٔ چناب کے جغرافیہ و تاریخ	ولی محمد اسیر کشتواڑی	20
3	تاریخ کشمیر از ملک حیدر چاڈورہ ......(قسط:8)	اردو: مفتی شفیق الرحمٰن	43
	قدیم مملکتِ بھدرواہ کا فقیدُ المثال تمدّنی ورثہ	بشیر بھدرواہی	63
4	سلطان العارفین......حیات اور کارنامے (قسط:۳)	محمد عبداللہ بٹ	91

☆

پیش لفظ

اگر چہ ادب کی اہمیت و افادیت کو ہر دور میں تسلیم کیا گیا ہے مگر موجودہ ٹیکنالوجی کے دور میں ادب کو بہت ساری مشکلات اور چلینجز کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ چنانچہ کسی بھی ادبی رسالہ یا کتاب کی اشاعت کے بعد اس کے قدردانوں اور قارئین کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہونے کی وجہ سے اُدباء اور محققین میں اب زیادہ دلچسپی نہیں رہی ہے۔ موجودہ نسل کو کتابوں کے مطالعے (شائع شُدہ کتاب ہو یا e-book ہو) کا شوق نہایت ہی کم رہا ہے۔ وہ اپنا بیشتر وقت سوشل میڈیا پر upload کیئے ہوئے مختلف مناظر اور موبائیل گیمز دیکھنے میں صرف کرتے ہیں۔ ان حالات میں ادبی دنیا کی خوبصورت اور اہم روایت کے تحفّظ، ترقی اور ترویج کی ذمہ داری ادبی اداروں پر بہت زیادہ عائد ہوتی ہے۔ اسی صورت حال کو مدِ نظر رکھ کر کلچرل اکیڈیمی نے مختلف زبانوں میں چھپنے والے رسالے شیرازہ کے علاوہ وراثت اور گاتھا رسالے شائع کرنے شروع کیئے جن میں بیشتر مواد تحقیقی اور ترجمہ شدہ ہوتا ہے۔ اسی کاوش کی ایک کڑی کے طور پر وراثت کا تازہ شمارہ شائع ہو رہا ہے۔ جو سابقہ شماروں کی طرح تین حصوں یعنی اردو، کشمیر اور انگریزی پر مشتمل ہے۔

صورت حال کچھ اس طرح کی ہے کہ اب جہاں ہمیں پڑھنے والوں کی کمی صاف دکھائی دے رہی ہے تو وہیں پہ قلم کاروں کی کمی بھی شدت سے محسوس ہو رہی

ہے۔ بات یہ نہیں ہے کہ ادب میں اب کچھ لکھنے کو رہا ہی نہیں بلکہ لکھنے کے لئے ہر زمانے میں مواد موجود ہوتا ہے۔ بس اس مواد کو ادبی و تحقیقی پیرائے میں پیش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہمارے بیشتر اُدباء اور قلمکاروں کا تعلق ہماری بزرگ نسل سے ہی ہے۔ جب کہ نوجوان ادباء اور قلمکاروں کی تعداد بہت کم دکھائی دے رہی ہے۔ لگتا ہے کہ دلچسپی اور محنت کی کمی کی وجہ سے نئی نسل ادب جیسی کار آمد چیز سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ مطالعے کی کمی اور بہتر تحقیقی طور طریقہ نہ اپنانے کی وجہ سے نوجوان قلمکاروں کی طرف سے موصول ہونے والے مضامین پورے معیاری نہ ہونے کی وجہ سے ہم شائع نہیں کر پاتے۔ بلکہ ہمیں زیادہ تر بزرگ قلمکاروں پر ہی انحصار کرنا پڑتا ہے۔ یقیناً یہ نہایت ہی تشویش کی بات ہے مگر ہم پُر اُمید ہیں کہ آج کی نوجوان نسل اس تشویش کی سنگینی کو محسوس کرے گی۔ نئی نسل کو ادب و ثقافت کے ساتھ جوڑنے کے لئے ادبی و ثقافتی اداروں کی ذمّہ داری ہے کہ وہ ادب و تحقیق کے فن سے نئی نسل کو روشناس کرائیں۔ اگر چہ اس عمل کے لئے کئی سارے اقدام اُٹھانے کی ضرورت ہے جس میں ورکشاپ اور سیمیناروں کا انعقاد ہے کہ جس کے ذریعے ادب کی اہمیت کو اُجاگر کیا جائے اور اس فن کی باریکیوں کو سمجھایا جائے اور ماہرانہ طریقے سے نوجوان نسل کی رہنمائی کی جائے اس طرح سے اس ورثے کو نسل در نسل آگے بڑھایا جا سکے گا۔

جہاں تک وراثت کے پیشِ خدمت شمارے کا تعلّق ہے اس کے اردو حصّے میں ملک حیدر چاڈورہ کی تاریخِ کشمیر کے اردو ترجمے کی آٹھویں کڑی کو شاملِ اشاعت کیا گیا ہے۔ سلطان العارفینؒ کی حیات اور کارنامے کے عنوان سے جو سلسلہ جاری کیا گیا ہے اُس کی سلسلہ وار قسط بھی اس شمارے میں شائع کی جا رہی ہے۔ کشمیر

میں ''بچوں کا ادب کی صورت حال'' پر ایک اچھا تحقیقی مقالہ بھی قابلِ مطالعہ ہے ۔وادیٔ چناب کے جغرافیائی اور ثقافتی منظر کے حوالے سے بھی کچھ معلوماتی مضامین اس شمارے کی قدر و قیمت کو دوبالا کرتے ہیں۔

اس شمارے کے کشمیری حصّے میں کشمیری صوفیوں اور بزرگانِ دین کے حوالے سے مختلف شخصیتوں کی حیات اور کارناموں کے بارے میں تحقیقی مضامین کا تسلسل برقرار ہے۔اس سلسلے کے تحت حضرت بابا ہردی ریشیؒ اور بابا نصر الدینؒ کے بارے میں نہایت ہی خوبصورت مضامین پڑھنے والوں کی دلچسپی اور جانکاری میں اضافہ کریں گے۔اس شمارے میں کشمیری ادب کے بارے میں کچھ نئے موضوعات پر بھی مضامین شائع کئے جا رہے ہیں۔جب کہ اس کے علاوہ ترجمہ کاری کے ذریعے دوسری زبانوں کے ادب اور ثقافت کو کشمیری زبان میں منتقل کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

وراثت کا انگریزی حصہ کشمیری زبان کے ثقافتی اور ادبی سرمائے کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لئے اکیڈیمی کے ٹرانسلیشن اینڈ ریسرچ سینٹر کے مقصد کو پورا کر رہا ہے۔

اُمید ہے کہ آپ کو یہ شمارہ بھی پسند آئے گا اور اپنے قلمی تعاون کے ذریعے اس رسالے کو جاری رکھنے میں اپنے بھرپور تعاون سے نوازتے رہیں گے۔

مفتی شفیق الرحمٰن قاسمی
آفیسر انچارج ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر

شاکر شفیع

کشمیر میں ادبِ اطفال صورتحال اور امکانات

کشمیر کے تصوّر کے ساتھ ہی ذہن کو سکون اور جسم کو تازگی کا احساس ہوتا ہے۔ یہاں کے فلک بوس برفیلے پہاڑ، سرسبز و شاداب جنگلات، لہلہاتی ہری بھری وادیاں، شیریں اور شفاف چشمے، گنگناتی ندیاں، رواں دواں دریا ہر لحظۂ فطرت کے شیدائیوں کو دعوتِ نظارہ دیتے ہیں۔ کشمیر کی خوبصورتی سے بے خود ہو کر مغل شہنشاہ جہانگیر کہہ اُٹھے تھے۔

اگر فردوس بروئے زمین است
ہمیں است ہمین است و ہمین است

صرف کشمیر کے قدرتی نظارے ہی نہیں بلکہ یہاں کے لوگ بھی خوبصورت ،شیریں اور سدا بہار ہیں۔ پنڈت چکبست لکھنوی نے اس بات کا اعتراف اس دلکش انداز میں کیا ہے۔

ذرّہ ذرّہ ہے میرے کشمیر کا مہمان نواز
راہ میں پتھروں کے ٹکروں نے دیا پانی مجھے

کشمیر کی خوبصورتی کی ایک بڑی دلیل یہ ہے کہ اردو کی شیرینی یہاں کی

فضاؤں میں رچی بسی ہوئی ہے۔ جموں وکشمیر کو پورے ملک میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ اردو یہاں کی سرکاری زبان ہے۔ تقریباً ۲۰۰۰ء تک یہاں کی نصابی زبان بھی اردو ہی تھی ۔ آج کے دور میں بھی یہاں کے ہر ادارے میں اردو پڑھنے اور پڑھانے کا بہترین انتظام ہے۔ اردو جموں وکشمیر کی رگوں میں خون کی طرح رواں دواں ہے اور یہاں کی مشترکہ تہذیب کی امین اور آئینہ دار ہے۔

کشمیر کی من موہ فضاؤں کو اگر بچے کی نظر سے دیکھا جائے تو یہ اور زیادہ حسین ،دلکش اور دلفریب لگنے لگتی ہے۔ کہتے ہیں نا کہ ہر بڑے میں ایک بچہ چھپا ہوا ہوتا ہے۔ جو ہمیشہ اس کے ساتھ ساتھ رہتا ہے۔ لیکن سمجھ میں نہیں آتا کہ کشمیر کے ادباء وشعراء کے اندر چھپا ہوا یہ بچہ بہت دیر تک خاموش کیوں رہا۔

کشمیر میں ادیبوں اور تخلیق کاروں کی توجہ عرصۂ دراز تک ادبِ اطفال کی طرف مبذول ہی نہیں ہوئی۔ اس بات میں کس کو شک ہوگا، کہ آج کا بچہ کل کا نوجوان ہے۔ جسے قوم کی ناؤ کا کھیویا بننا ہے۔ سماجی دھاروں کا رُخ متعین کرنا ہے ۔ ہمیں چاہیے کہ ہم گھریلو مراسم ،سماجی لین دین اور ادبی فہم وفراست کے ذریعۂ اس کل کے ذمہ دار شہری کی شخصیت کے مثبت پہلوؤں کو نکھار کر اس کو انسانی عظمت کا شاہکار بنائیں۔ ادبِ اطفال اصل میں بچے کو کلا کاریاں کروانے کے ساتھ ساتھ کھیل کھیل میں اپنی شناخت کرانے کا نام ہے۔

۱۹۷۹ء دنیا میں بچوں کے عالمی سال کے طور پر منایا گیا۔ جہاں ایک طرف اس سال بچوں کے حقوق، ان کے معاملات، ان کی دیکھ بھال، ان کی صحت اور دوسری

چیزوں کی اہمیت کو اُجاگر کیا گیا۔ وہیں تخلیق کاروں کی توجہ ادب اطفال کی طرف مبذول کرنے کی بھی کوشش کی گئی۔ بہت ساری زبانوں میں اسی سال سے ادبِ اطفال لکھنے کی روایت شروع ہوئی۔ اسی سال کشمیر میں بھی اُردو میں بچوں کے لئے لکھنے کی روایت کا آغاز ہوا۔ سرکاری حکم پر سب سے پہلے کشمیر کے نامی ادیب، محقق اور دانشور پروفیسر محمد زمان آزردہ نے ''گلدستہ'' سیریز کے تحت چار چھوٹے چھوٹے کتابچے شائع کئے۔ ان کتابچوں میں اہمیت کے حامل مختلف موضوعات پر مضامین موجود ہیں۔ مضامین اصل میں ان بچوں کے لئے ہیں جن کو اردو پڑھنی اور سمجھنی آتی ہو۔ مضامین کی دلچسپی بڑھانے کے لئے ان میں چھوٹی چھوٹی کہانیاں بھی درج کی گئی ہیں۔ پڑھنے کے بعد یہ اندازہ کرنا آسان ہو جاتا ہے کہ ان مضامین کا Construction بچوں کے معیار کا نہیں ہے۔ لیکن زبان ہلکی پھلکی اور آسان ہے۔

ان کتابچوں میں موجودہ مضامین میں کھیل کود، اتفاق، وقت کی پابندی، تعلیم، اپنی مدد آپ، حبّ الوطنی، تندرستی، ایمانداری، مشغلے، اچھی عادتیں اور اخلاق شامل ہیں۔ آزردہ صاحب نے سرسید کے انداز سے متأثر ہو کر یہ گیارہ مضامین اصلاحی جذبے کے تحت لکھے ہیں۔ وہ خود کہتے ہیں:

''عام معلومات، تاریخی واقعات اور سائنسی ایجادات پر تو کتابیں آئے دن چھپتی رہتی ہیں۔ بچوں کی اخلاقی اور روحانی تربیت کے لئے کتابیں خاص طور سے اُردو میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اس لئے ایسی کتابوں کو تصنیف کرنا مصنّفین کی بڑی ذمہ داری ہے''۔

عبدالغنی شیخ لداخی کا شمار ریاست کے گراں قدر قلمکاروں میں ہوتا ہے ۔ اُنہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ سرینگر میں گزارا۔ تاریخ، کہانی اور تنقید کے میدان میں اُنہوں نے قابلِ قدر کام انجام دیا ہے۔ ۱۹۷۹ء میں بچوں کے عالمی سال کے موقع پر اُنہوں نے ریاستی سرکار کو بچوں کے لئے ایک مسوّدہ پیش کیا۔ مسوّدے کا نام ''کتابوں کی دنیا'' تھا۔ اس مسودے کو سرکار نے انعام سے نوازنے کے ساتھ ساتھ چھاپنے کا فیصلہ بھی کیا۔ مگر تا حال نہ چھپ سکا۔ اس مسودے میں بچوں کی ذہنی اپچ اور دلچسپی کو سامنے رکھتے ہوئے دنیا میں لکھنے کی تاریخ پھر چھپائی اور کتابوں کی تیاری کا تاریخی تذکرہ کیا گیا ہے۔ چونکہ اس کتاب کا مقصد بچوں کو معلومات فراہم کرنا ہے۔ اس لئے یہ زیادہ دلچسپ نہیں ہے پھر بھی ایک اچھی کوشش ہے۔

''لداخ کی سیر'' لداخی کی ایک اور تصنیف ہے۔ اس کتاب میں اُنہوں نے بہت ہی خوبصورت اور آسان انداز میں لداخ کا نقشہ کھینچا ہے۔ لداخ کا جغرافیہ ،قابلِ دید مقامات، وہاں کی گمپا، وہاں کے جنگلی جانوروں اور پرندوں کا تفصیلی ذکر اس کتاب کا خاصہ ہے۔ یہ کتاب بچوں کے لئے لداخی ثقافت اور تہذیب کی جیتی جاگتی دستاویز ہے۔ اس کتاب کو بھی ریاستی سرکار نے ایوارڈ سے نوازا ہے۔

اسکے علاوہ شیخ صاحب ایک اچھے کہانی کار بھی ہیں۔ بچوں کے لئے اُن کی لکھی ہوئی کہانیوں کی تعداد دس سے زیادہ ہے۔ ان کی کہانیاں گاہے گاہے کھلونا، ہلال اور پھلواڑی میں چھپتی رہتی تھیں۔ آج کل شیخ افسانے اور تاریخ لکھنے میں مشغول ہیں۔

کشمیر میں ادبِ اطفال کی دنیا میں ایک اہم نام سید اکبر جے پوری کا ہے۔

اُن کی تصنیف ''شگوفے'' ادب اطفال میں ایک بہت بڑا اضافہ ہے۔ یہ کتاب سو سے زیادہ نظموں پر مشتمل ہے۔ اکبر نے مختلف موضوعات پر بچوں کی دلچسپی اور نفسیات کو مدِ نظر رکھ کر احسن طریقے سے نظمیں باندھی ہیں۔ کشمیر کی ثقافت جیسے کانگڑی، بادام واری، یہاں کے فطری مناظر جیسے ڈل وغیرہ اہم شخصیات جیسے ڈاکٹر، شاعر، انجینئر وغیرہ موضوعات پر ان کی نظمیں کافی دلچسپ ہیں۔ ان چھوٹی چھوٹی نظموں کے ذریعے اکبر بچوں کو کچھ بڑا کرنے کا ہُنر سکھاتے ہیں۔ ان نظموں کے متعلق ڈاکٹر روشن اختر کاظمی لکھتے ہیں:

''اس مجموعے میں شامل نظموں میں جو بات سب سے اہم ہے وہ ان کی افادیت ومقصدیت ہے۔ جسے شاعر نے بڑی خوبی سے پیش کیا ہے''

اکبر کا خاص وصف یہ بھی ہے کہ وہ انسانوں میں بھید بھاؤ کے قائل نہیں۔ اپنی نظموں کے ذریعے وہ اطفال میں بھی یہی جذبہ پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ جہاں اُنہوں نے بڑے بڑے لوگوں پر نظمیں لکھیں وہی ان کے ہیرو کسان، ڈرائیور، تاجر، فوجی وغیرہ بھی ہیں۔ حبّ الوطنی اکبر کی نظموں کا خاصہ ہے۔ وہ اکثر نظموں کے ذریعے یہ جذبہ پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ مثلاً نظم فوجی کے یہ اشعار:

بھارت دیش ہے جان سے پیارا
اس کی رکھشا فرض ہمارا
سرحد پر جب خطرہ پاؤں
ویر بہادر بن کر جاؤں

ایک اور نظم کے دو اشعار مثال کے لئے:

بھارت کے ہم راج دُلارے
بھارت کے ہم راج دُلارے
بھارت کی آنکھوں کے تارے
کتنا اچھا کتنا پیارا
سندر بھارت دیش ہمارا

اکبر کی نظموں میں تانیثی فکر بدرجہ اُتم موجود ہے۔ وہ لڑکی کو صرف پڑھانا نہیں چاہتے ہیں بلکہ اسے ایک اچھے عہدے پر فائز ہوتے ہوئے بھی دیکھنا چاہتے ہیں۔ اسی لئے ڈاکٹر، ٹیچر، وکیل، بیرسٹر نظموں کی Narrater لڑکی ہے۔

مثال کے لئے چند اشعار:

پڑھوں گی، لکھوں گی میں شاعر بنوں گی
میں شاعر بنوں گی ، میں شاعر بنوں گی

(نظم شاعر)

میرے اللہ مدد مانگ رہی ہوں تجھ سے
کوئی بیمار اگر ہو تو شفا بن جاؤں

(ڈاکٹر)

لڑکی ہوں مگر دل میں ہیں ارمان ہزاروں
ہمّت دے خدا تو لوگوں کی تقدیر سنواروں

(سوشل ورکر)

اس کے علاوہ بہار، خزاں اور سرمایہ وغیرہ سے متعلق نظمیں بھی اکبر نے لکھی ہیں۔ اُنہوں نے واقعۂ کربلا سے متعلق بھی چھوٹی چھوٹی رثائی نظمیں لکھی ہیں۔ پروفیسر محمد زمان آزردہ ان کے بارے میں لکھتے ہیں:

''اکبر صاحب اُردو شعر وادب کے ایسے شیدائیوں میں سے تھے جنہیں اس باپ پر نظر تھی کہ کل کا قاری کون ہوگا۔ وہ بچوں کی ذہنی صلاحیتوں سے واقف تھے اور ہر پرخلوص استاد کی طرح یہی چاہتے تھے کہ یہ بچے واقعتاً ہمارا مستقبل بنیں''۔

کشمیر میں بچوں کے لئے لکھنے والوں میں ایک اور اہم نام سید شبیب رضوی کا ہے۔ وہ پچھلے چالیس سالوں سے مسلسل لکھ رہے ہیں۔ ۲۰۰۹ء میں بچوں کے لئے ان کی کتاب ''بچوں کے مشاعرے'' منظرِ عام پر آئی۔ یہ دو سو سے زیادہ صفحات پر مشتمل ایک دلچسپ اور دلکش کتاب ہے۔ اس کتاب میں ۱۵۰ کے قریب چھوٹی بڑی معلوماتی اور تدریسی نظموں کے ساتھ ساتھ مزاحیہ نظمیں بھی شامل ہیں۔ اس کتاب میں پہلے چار تمثیلی مشاعرے، پھر چار مزاحیہ مشاعرے اور پھر مختلف موضوعات کے ۱۴ مشاعرے ہیں۔ شبیب 'ایک نبض شناس اور ہنر مند قلمکار ہیں۔ اُنہیں بچوں کی دلچسپی اور اُن کی نفسیات کا گہرا احساس ہے۔ اُن کی نظموں کو بچے کھیل کھیل میں پڑھ لیتے ہیں۔ پیشہ سے ڈاکٹر ہونے کے باوجود بھی وہ استاد کی بہت عزت کرتے ہیں۔ اسی لئے ان کے ہر مشاعرے میں استاد موجود ہے۔ مثال کے لئے ٹیچر نظم کا ایک بند ملاحظہ ہو۔

میں تو سب سے بہتر ہوں گا

وِدیا کا اک ساگر ہو گا
بی، اے ، ایم ، اے پڑھ کر ہوں گا
دیکھنا اِک دن ٹیچر ہوں گا
پڑھنا پڑھنا کام ٹیچر میرا نام

اُن کی نظموں میں پرانی سائیکل، ایک کہانی، برف باری، گھریلولڑکی، مصوّر وغیرہ کافی اہم ہیں۔

ایوانِ صدارت:

اکیسویں صدی جہاں انسانی ترقی کا معراج لے کرآئی وہیں اس صدی نے انسانی بقاء کے سامنے سوالیہ نشان پیدا کیا۔ بے انتہا سائنسی اور مادی ترقی نے ہزارہا ماحولیاتی اور روحانی مسائل کو جنم دیا۔ انسان کی عظمت بازار کی نظر ہوگئی۔ مروّت ، ہمدردی ، رواداری اور دوستی کے اصول بلکہ احساس تک نیلام ہوگئے۔ برقی ذرائعِ ترسیل وابلاغ کی بے انتہا ترقی نے مقابلہ آرائی کو شدید کردیا۔ بچوں سے اُن کا بچپن تک چھن گیا اور بلوغیت کی عمر ۱۶ سے کم ہوتے ہوئے بارہ سال تک پہنچ گئی۔

اکیسویں صدی کے بدلتے حالات میں بھی ہمارے یہاں کچھ لوگوں نے روایت کو زندہ رکھتے ہوئے بچوں کو اُن کا بچپن لوٹانے کی کوشش کی۔ جن شعراء نے اکیسویں صدی کے اوائل میں ادبِ اطفال کے دامن کو وسعت بخشی۔ اُن میں حمیدہ شاہ اختر کا نام سرِ فہرست ہے۔ حمیدہ شاہ اختر پچھلے تیس سال سے بچوں کے لئے لگا تار لکھ رہی ہے۔ اُن کی ۱۰ کہانیوں اور ۱۰ نظموں کا مجموعہ ’’سبق سبق کہانی‘‘ ۲۰۱۴ء میں منظرِ

عام پر آچکا ہے۔جیسا کہ اس کے عنوان سے ہی پتہ چلتا ہے کہ یہ کہانیاں مقصد کے تحت لکھی گئی ہیں۔ان کی کہانیوں میں ''نیک ہمسائے، احسان کا بدلہ، اور بستی بس گئی، نور چاچی کی گائے، وحشی جانور بھی احسان مانتے ہیں۔خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

حمیدہ شاہ بچوں میں اچھے عادات، اخلاق اور فکر پیدا کرنے کی خواہاں ہے۔ اُن کی نظموں میں ''یہ ہمارا کشمیر ہے، سونو کی بلی، شیر اور چوہا، عقلمند بکری'' بچوں کے ساتھ ان کی محبت کا اظہار کرتی ہیں۔ان کی نظموں کی زبان آسان اور رواں ہے۔ بچوں کی دلچسپی کو قائم رکھنے کے لئے چھوٹی بحروں کا استعمال کرتی ہیں۔مثال کے لئے یہ اشعار۔

سونو نے اِک بلی پالی
بلی کیا تھی بڑی نرالی
ریشم جیسی کھال ہے اُس کی
شہزادی سی چال ہے اُس کی
بلی کی اک صفت ہے اچھی
گھر کو گندہ نہیں وہ کرتی
خود بھی صاف اور ستھری رہتی
تب ہی سب کو اچھی لگتی

دور حاضر میں ادب اطفال کے میدان میں کشمیر میں ایک اور اہم نام پرویز مانوسؔ کا ہے۔پرویز مانوس پہاڑی اور اردو زبانوں میں ایک عرصے سے لکھ رہے ہیں۔

بچوں کے ساتھ اُن کا اتھاہ محبت ہے۔ بچوں کے لئے اُن کی نظمیں مقامی اخبارات میں اہتمام کے ساتھ شائع ہورہی ہیں۔ ان کی چھوٹی چھوٹی نظموں کی خوبی یہ ہے کہ وہ سات سال سے کم عمر کے بچے بھی گا سکتے ہیں۔ اُن کی نظم ''چنداماما'' کے چنداشعار دیکھئے:

چندا ماما آؤ و نا
ہم کو اور ستاؤ و نا
ہم کو نیند نہیں آتی
گیت کوئی سناؤ نا
مما تو بھائی ہے
ہم نے کھیر پکائی ہے
ہوجائے گی ٹھنڈی یہ
جلد آکر کھاؤ و نا

مانوسؔ نے بچوں کی کئی کہانیوں کو منظوم کیا ہے۔ مگر مچھ اور بندر، خرگوش اور کچھوا، ٹائیں ٹائیں فش ان کی خوبصورت منظوم کہانیاں ہیں۔ مانوسؔ کے قلم کے ساتھ ہمیں بہت اُمیدیں وابستہ ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ وہ ادبِ اطفال کے دامن کو مالا مال کریں گے۔

اکیسویں صدی میں ادبِ اطفال کی افق پر نمودار ہونے والا ایک اور نام حسن اظہر کا ہے۔ حسن اظہرؔ کو بنیادی طور پر ہم ایک کشمیری شاعر کے طور پر جانتے ہیں۔ جب ۲۰۱۲ء میں ان کی کتاب ''ہم سب بچے'' منظر عام پر آئی تو سب لوگ چونک گئے لیکن

ساتھ ہی ان کی اس کاوش کو بہت سراہا گیا۔حسن اظہر کی اس کتاب میں پچاس سے زیادہ چھوٹی بڑی نظمیں شامل ہیں۔اظہر جہاں بچوں کی دلچسپی کے موضوعات کو ہنستے کھیلتے پیش کرتے ہیں۔وہیں کچھ ایسے موضوعات پر بھی نظمیں کہی ہیں جو سنجیدہ اور اہم نوعیت کی ہیں۔ان کی نظمیں آلودگی،شجر کاری،اشجار،کتاب،یتیموں کی فریاد،موبائل اور امن وسکون،بچوں میں احساسِ ذمہ داری اور سماجی حساسیت پیدا کرنے کے لئے لکھی گئی ہیں۔مثال کے لئے پیش ہیں اُن کی نظم ''اشجار'' سے چند اشعار۔

جب تک رہیں گے باقی اشجار اس زمین پر
تب تک ہیں زندگی کے آثار اس زمین پر
اشجار کے فوائد ہیں بے شمار بچو
اشجار سے ہی قائم جگ میں بہار بچو

ان کی ایک اور نظم ''کہا اُستاد نے ہم سے'' کے ان اشعار پر غور کیجئے۔

کہا اُستاد نے ہم سے یہ باتیں یاد رکھ لینا
تم اپنی نیکیوں سے یہ زمین آباد رکھ لینا
کرو انسانیت کے واسطے ہی وقف تم خود کو
نہیں ڈرنا کبھی سچ کہنے سے جو بھی ہو

اظہر کی نظموں کی زبان آسان ہے۔وہ بچوں کی نفسیات کو ذہن میں رکھ کر زبان استعمال کرتے ہیں لیکن یہ نظمیں ۱۰ سال سے بڑی عمر کے بچوں کے لئے زیادہ کارآمد ہیں۔اظہر آنے والے دور کے فنکار ہیں۔اُمید ہے کہ بچوں کے ادب کو ان

سے بہت فائدہ ہوگا۔

آج کے لکھنے والوں میں ایک اہم نام مجید مجازیؔ کا ہے۔ مجازیؔ دراصل کشمیری کے منجھے ہوئے شاعر، افسانہ نگار اور ڈرامہ نگار ہیں۔ وہ خود اداکار اور ہدایت کار بھی ہیں۔ وہ پچھلے آٹھ سال سے ادبِ اطفال میں کافی دلچسپی لے رہے ہیں۔ بچوں کے لئے اُن کی کشمیری نظموں کا مجموعہ شائع ہو چُکا ہے۔ اب اُن کی توجہ اردو کی طرف مرکوز ہوئی ہے۔ اُن کی نظموں کا مجموعہ زیرِ طباعت ہے۔ اُس مجموعہ میں پچاس کے قریب چھوٹی بڑی نظمیں ہیں۔ بچوں کے لئے اُنہوں نے کئی ڈرامے لکھے اور اُنہیں مختلف جگہوں پر کھیلا بھی گیا۔ اُن کے کئی ڈراموں کو محکمۂ تعلیم نے انعامات سے نوازا ہے۔ اُن کا ڈرامہ ''پولتھین جن'' آٹھویں جماعت کے نصاب میں شامل ہے۔ اُن کے دوسرے ڈراموں میں مجرم، ڈیجیٹل انڈیا، ایثار کا جذبہ، کابلی والا اور گیہوں کا دانہ اہم ہیں۔

مجازیؔ کے ڈرامہ بچوں میں قومی بیداری اور احساسِ ذمہ داری پیدا کرتے ہیں۔ زبان بچوں کی دلچسپی کی ہے۔ اُن کی ایک نظم ''الف سے بولو سب سے انار'' پہلی جماعت کی نصابی کتاب کا سرِ فی صد حصہ ہے۔

ادبِ اطفال میں اُن کی دلچسپی اور اُن کی قلم کی جولانی سے یہ امکان روشن ہے کہ مجازی حقیقی معنوں میں ادبِ اطفال کے دامن میں نگینے جڑتے جائیں گے۔

آج جو قلمکار کاروانِ ادب کے ساتھ مل کر پہلے زینہ پر کھڑے ہو کر بھی اپنی پہچان بنا رہے ہیں۔ ان میں رؤف راحتؔ، شبیر احمد شبیرؔ، ڈاکٹر غلام نبی حلیمؔ، ارشاد

آفاقؔ وغیرہ کے نام لئے جاسکتے ہیں۔ یہ قلمکار اردو اور کشمیری دونوں زبانوں میں کشمیر میں ادبِ اطفال کے گیسوئے پریشان کو سنوارنے میں تن من سے لگے ہوئے ہیں۔ بچوں کے لئے اُن کی تخلیقات ''سرینگر ٹائمز'' کے سنڈے ایڈیشن کے ''گوشۂ اطفال'' میں شائع ہورہی ہیں۔ رؤف راحت کی نظمیں پہلے پہل ''کشمی عظمیٰ'' کے گوشۂ اطفال میں شائع ہورہی تھیں۔ یہ سب ہمارے کل کے قلمکار ہیں۔ اُن سے ہمیں بہت زیادہ اُمیدیں وابستہ ہیں۔ اللہ اُنہیں زورِ قلم عطا کرے۔

ان حضرات کی نگارشات اور تخلیقات کے علاوہ اُن کتابوں کا ذکر بھی ضروری بنتا تھا جو نصابی ضرورتوں اور تقاضوں کے تحت وادی کے مختلف تعلیمی اداروں میں پڑھائی جاتی ہیں۔ یہاں پر اردو کی درسی کتابوں کے علاوہ اسلامیات اور اخلاقیات کی درسی کتابیں بھی اُردو میں شائع ہوتی ہیں۔ اس مقالے میں طوالت سے گریز کرتے ہوئے ان درسی کتابوں کا تذکرہ الگ عنوان کے تحت کیا جائے گا۔

فی الحال اسی بات پر بس کہ اگرچہ کشمیر میں اُردو ادیبوں کی توجہ دیر سے ادبِ اطفال کی طرف مبذول ہوئی مگر پھر بھی آج تک ایک قابلِ قدر سرمایہ وجود میں آیا ہے اور حال کو دیکھ کر مستقبل میں اعلیٰ ادب پاروں کے تخلیق ہونے کے امکانات بہت ہی روشن ہیں۔ اللہ ہمیں اردو زبان کی خدمت کرنے کی توفیق دے۔

☆☆☆

ولی محمد اسیر کشتواڑی

وادیٔ چناب کے جغرافیہ و تاریخ

۱۲۰۶۸ مربّع کلومیٹر پر پھیلی ہوئی عریض و بسیط چناب ویلی اپنی جائے وقوع اور عظیم تاریخی پس منظر کے اعتبار سے نہ صرف جموں وکشمیر بلکہ پورے برِّصغیر میں ایک اہم اور منفرد خطّہ ہے۔ قدرتی خوبصورتی سے مالا مال اس وادی کے سرسبز سدا بہار جنگلات، فلک بوس اور سفید سفید برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ، گیت گاتی ندیاں نالے، نیلم اور جپسم جیسی آنکھوں کو خیرہ کرنے والے انمول معدنیات اور فصلوں سے لہلہاتے ہوئے کھیتوں کے سلسلے اور دلکش و دلربا زعفران زار دعوت نظّارہ دیتے ہیں۔ کشتواڑ، ٹھاٹھری، گندو، ڈوڈہ، بھدرواہ، بٹوت، رام بن، بانہال اور گول کے قصبے نہ صرف یہاں کی بڑی بڑی انسانی بستیوں کے نام ہیں بلکہ یہ سارے علاقے تواریخی اعتبار سے اربابِ اقتدار کی دلچسپی کے لئے بڑے مراکز بھی رہے ہیں۔ یہاں کے ۹۲۳۹۲۶ (نولاکھ تیئیس ہزار نوسو چھبیس) باشندوں میں مسلمان، ہندو، سکھ، بودھ اور عیسائی شامل ہیں۔ تمدّنی، لسانی اور ادبی لحاظ سے بھی یہ وادی ایک ہندوستانِ صغیر

سے کم نہیں ہے۔ یہاں بولی جانے والی اہم زبانوں اور بولیوں میں سے کشمیری، کشتواڑی، پاڈری، سراجی، بھدرواہی، رامبنی، پوگلی، کھسالی، اردو، ہندی، ڈوگری، گوجری اور پنجابی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ اس وادی سے رونما ہونے والے شاعروں، ادیبوں، فنکاروں اور عوام کے چہیتے سنگیت کاروں میں رسا جاودانی، کامگار کشتواڑی، عشرت کاشمیری، جانباز کشتواڑی، غلام نبی گونی، نشاط کشتواڑی، گونی بھدرواہی، الفت کشتواڑی، بشیر بھدرواہی، وفا بھدرواہی، شوکت فریدی، مشتاق فریدی، طاؤس بانہالی، مرغوب بانہالی، منشور بانہالی، قادر بیرواڑی، جان محمد تشنہ، موہن غریب، عبدالرحیم گراٹال، اعمیٰ عبدالرحیم، عبدالرحمٰن دیوانہ، کنول نین نگہت، فدا کشتواڑی، طالب حسین رند، محمد الیاس تنویر، ساغر صحرائی، تسکین بڈانوی، طالب بھلیسوی، اشتیاق کشتواڑی، صیاد کشتواڑی، بشیر کشتواڑی، ضمیر فریدی، جان محمد تشنہ، ہاجرہ پرویز، عبدالغنی وانی، جہاں آراء جانباز، زائر بھدرواہی، گلاب سیفی، سہیل صدیقی، ناز نظامی، شوکت فریدی، ظاہر بانہالی، شبیر حسین شبیر، رحمت علی رحمت، محمد امین ڈولوال، طالب بھلیسوی، نثار حسین ڈولوال، مضروب بانہالی، فاروق کھوکھر، زلیخا فریدہ، فرید احمد شیخ، ارشاد احمد شاہ، راشد جہانگیر وغیرہ وغیرہ سرِ فہرست ہیں۔

دریائے چناب لاہول (ہماچل پردیش) کے پہاڑوں سے دو ندیوں چندر اور بھاگا کی صورت میں ظہور پذیر ہوتا ہے۔ چندر ندی بارہ لاچھا کے جنوب مشرق میں سولہ ہزار دو سو اکیس (۱۶۲۲۱) فٹ کی بلندی پر ایک بڑے برفانی علاقے سے نکلتی ہے۔ جب کہ بھاگا اس درّے کی شمال مغربی اُترائی سے نمودار ہوتی ہے۔ چندر جنوب

مشرق کی جانب سے پچپن (۵۵) میل بہنے کے بعد وسطی ہمالیہ کے گرد چکر لگاتی ہوئی ایک سو پندرہ (۱۱۵) میل کا فاصلہ طے کرنے کے بعد ٹنڈی کے مقام پر بھاگا کے ساتھ آملتی ہے۔ بھاگا کی ٹنڈی تک لمبائی صرف پینسٹھ (٦۵) میل ہے جب کہ اس کا اوسطاً اُتار ایک سو پچیس (۱۲۵) میل ہے۔ یہ متحدہ ندی جسے اب چندر بھاگا یا دریائے چناب کہتے ہیں ہماچل پردیش کے ضلع چمبہ کی پانگی وادی سے بہتی ہے اور تب ضلع کشتواڑ کے علاقہ پاڈر میں چھ ہزار فٹ کی اونچائی پر داخل ہوتی ہے۔ پاڈر میں بھوٹنہ نالہ، بھنڈارکوٹ (کشتواڑ) میں دریائے مڑواہ، واڑون، ٹھاٹھری میں کالنئی نالہ، پُل ڈوڈہ میں نیرو نالہ اور رام بن میں بانہال کا نالہ بچھلڑی دریائے چناب کے ساتھ آملتے ہیں۔ اس پورے خطے کی اور بھی کئی ندیاں نالے میلوں چل کر چناب کے معاون بنتے ہیں اور یہاں کی اکثر بستیاں ان ہی دریاؤں اور ندی نالوں کے ساتھ یا ان کے قرب وجوار میں آباد ہیں۔ چناب ویلی کی جغرافیائی اور تمدّنی تقسیم میں چناب کا ایک اہم رول ہے اور اس دریا کا پانی بجلی پیدا کرنے کی قوّت سے لبریز ہے۔ اسی لئے مشہور دانشور اور ادیب جناب محمد یوسف ٹینگ نے چناب ویلی کا دوسرا نام ''وادئ نور'' تجویز کیا ہے۔ یہ نام اس وادی میں تعمیر ہونے والے پن بجلی پروجیکٹوں کے تناظر میں کافی وقیع اور برمحل لگتا ہے۔

وادئ چناب کے بڑے بڑے علاقوں اور جغرافیائی اکائیوں میں ڈول، ناکسینی ،گلہار، چھچھا، پاڈر، چھاترو، دچھن، مڑواہ، واڑون، ٹھاکرائی، کونتواڑہ، سروڑ بونجواہ، سرتھل ترگام، بھلیسہ، مجالہ، بھرت، سراج، مرمت، بھالا، کیلاڑ، راج گڑھ، پوگل،

پرستان، مہومنگت، سنگلدان، گول اور گلاب گڑھ وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔ انتظامی اعتبار سے چناب ویلی کو کشتواڑ، ڈوڈہ اور رام بن کے تین اضلاع میں منقسم کیا گیا ہے۔ بٹوت، کشتواڑ ہائی وے، بھدرواہ، پل ڈوڈہ، ڈوڈہ سٹی، گھٹ، ٹھاٹھری کلہوتران، کشتواڑ پاڈر، کشتواڑ ٹھاکرائی، اکھالہ، کشتواڑ، چھاترو، سنتھن، وائیلو، متی گاوُرن، واڑون، مڑواہ، مگھر کوٹ، پوگل، رام بن، گول وغیرہ یہاں کی چند بڑی اور اہم سڑکیں ہیں۔ لنک روڈ جگہ جگہ زیرِ تعمیر ہیں پھر بھی تقریباً ۸۰ فی صد علاقہ بیرونی دنیا سے کٹا ہوا ہے۔ عام طور پر لوگ بڑے محنتی اور ذہین ہیں۔

کشتواڑ چناب ویلی کے قدیم ترین قصبہ جات میں سے ہے جو سرینگر سے براستۂ بٹوت بانہال ۲۸۰ کلو میٹر براستۂ سنتھن وائیلو ۱۹۵ کلومیٹر، جموں سے ۲۹۹ کلو میٹر اور پل ڈوڈہ سے ۵۹ کلو میٹر کی دوری پر ایک سطحِ مرتفع واقع ہے۔ محکمۂ مال کی مثلِ حقیت میں اس قصبہ کی وجۂ تسمیہ اس طرح درج ہے: ''اصل نام کاٹھ واڑ ہے۔ رفتہ رفتہ کشتواڑ کا لفظ ہو گیا۔ کاٹھ ہندی زبان میں لکڑی کو بولا جاتا ہے۔ اور واڑ یا واڑی ہندی زبان میں جگہ کو کہتے ہیں۔ یعنی لکڑی کی کھیتی۔ چونکہ اس تمام علاقہ جات میں راجدھانی کی جگہ یہی موضع تھا اور اس واسطے سے اس خاص موضع کو کشتواڑ بولا جاتا ہے۔'' سطحِ مرتفع کشتواڑ سطحِ سمندر سے ۵۳۰۰ یا ۵۴۰۰ فٹ اونچا ہے۔ پہاڑوں میں واقع کئی وسیع وادیوں کے برعکس یہ نہ پوری ہموار اور نہ ہی بالکل ڈھلوان ہے بلکہ اس میں چھوٹے چھوٹے نشیب و فراز ہیں۔ وادیٔ کشتواڑ تقریباً ۷ سے ۸ کلو میٹر تک لمبی اور ۴ سے ۵ کلو میٹر چوڑی ہے۔ یہاں کے خوبصورت میدان ''چوگان'' کا کل رقبہ

۵۲۰ کنال یا ۱۱۶۵ ایکٹر ہے۔ کشتواڑ سے ۶۳۷ء سے ۱۸۲۱ء تک ایک خودمختار مملکت کی صورت میں چناب ویلی کی تاریخ پر چھایا رہا۔ مؤرّخین کا خیال ہے کہ جب وادیٔ کشمیر ستی سر کے پانی میں ڈوبی ہوئی تھی اور انسانی بستیاں اونچے اونچے پہاڑوں تک ہی محدود تھیں تو اُس وقت کشتواڑ ایک آباد علاقہ تھا۔ جب کُش وسطِ ایشیاء سے کشمیر کی جانب روانہ ہوئے تو وہ بھوٹنہ نالہ (پاڈر) سے پہلے کشتواڑ اور پھر کشمیر چلے گئے۔ کشتواڑ کی ریاست کی سرحدیں موجودہ جواہر ٹنل، تحصیل مہور اور نیابت گول تک پھیلی ہوئی تھیں۔ چنانچہ بھدرواہ، ٹھاٹھری، بھلیسہ، کھلینی، کھسال، مرمت، عسر، بگھر اور بٹوت کو چھوڑ کر وادیٔ چناب کا سارا حصہ مذکورہ مملکت میں شامل تھا جب کہ کشتواڑ اور ڈوڈہ اُس کے گرمائی اور سرمائی دارالخلافے تھے۔ اگرچہ کشتواڑ کی قدیم تاریخ سے جڑے ہوئے واقعات تاہنوز تحقیق طلب ہیں تاہم راجہ کاہن پال (۶۳۷ء۔۶۴۷ء) سے لے کر راجہ محمّد تیغ سنگھ (۱۷۴۸ء۔۱۸۲۱ء) تک لگ بھگ بتیس (۳۲) راجاؤں کے تفصیلی حالات تاریخ کشتواڑ میں پڑھنے کو ملتے ہیں۔ یہاں کے بہادر اور جنگجو سپاہیوں نے شہنشاہِ اکبر کی افواج کو بھنڈارکوٹ کے مقام پر شکست دی تھی جو ایک اہم تاریخی واقعہ ہے۔ کشمیر اور لداخ کے کمزور راجے مہاراجے دشمن کے ڈر سے بھاگ کر اکثر کشتواڑ میں پناہ لیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ افغانستان کا معزول بادشاہ ''شاہ شُجاع'' تین برس تک کشتواڑ میں مقیم رہا۔ یہی شاہ شُجاع کی مہمان نوازی مملکتِ کشتواڑ کے آخری تاجدار راجہ محمّد شفیع سنگھ کے لئے وبالِ جان بن گئی۔ کیونکہ شاہ شُجاع والیٔ پنجاب مہاراجہ رنجیت سنگھ کی جیل سے بھاگ کر آیا تھا اس لئے جموں کے گلاب سنگھ کو

کشتواڑ پر حملہ کرنے کا حکم ملا تو اس نے ۱۸۲۱ء میں کشتواڑ کی طرف پیش قدمی کی۔ چھنیی کا راجہ دیال چند بھی اس مہم میں شامل ہوا۔ بالآخر راجہ محمّد تیغ سنگھ نے ڈوڈہ کے مقام پر گلاب سنگھ کے سامنے ہتھیار ڈالتے ہوئے حکومت سے بلا شرط دستبردار ہونے کا اعلان کر دیا۔ راجہ محمّد تیغ سنگھ کی برطرفی کے بعد میاں گلاب سنگھ نے میاں چین سنگھ کو ناظم اور لالوشاہ کو کاردار (تحصیلدار) مقرّر کیا لیکن مقبوضہ علاقوں میں امن وامان قائم نہ کرنے اور خاطر خواہ متبادل انتظامیہ فراہم نہ کرنے کے نتیجے میں چین سنگھ کو ہٹا کر مہتہ بستی رام کو ۱۸۲۲ء میں ناظم مقرّر کر دیا گیا جو کشتواڑ کا باشندہ تھا مگر اس علاقے کو ایک بہت ہی طاقتور، بہادر اور سخت رُو انسان کی ضرورت تھی۔ جو جنرل زور آور سنگھ کلہوریہ نے پوری کر دی۔ جنرل کلہوریہ ۱۸۲۳ء سے ۱۸۴۱ء تک کشتواڑ کا ناظمِ اعلیٰ رہا اور اُس نے مڑواہ، واڑون اور پاڈر کے علاقے کشتواڑ سے ملا دیئے تھے۔ کشتواڑ کے جری لوگوں نے جنرل کلہوریہ کو حسبِ ضرورت امداد فراہم کر کے تسخیرِ لداخ کے قابل بنایا۔ جنرل زور آور سنگھ کی وفات کے بعد میاں جبّار سنگھ برسرِ اقتدار آیا۔ ۱۶ مارچ ۱۹۴۶ء کو انگریزوں اور مہاراجہ گلاب سنگھ کے درمیان ایک معاہدہ ہوا جسے عہد نامۂ امرتسر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس عہد نامہ کی رُو سے گلاب سنگھ کو پچھتر ہزار (۷۵۰۰۰) نانک شاہی روپیہ کے عوض میں جموں وکشمیر کا سارا علاقہ فروخت کیا گیا لیکن اس کے بعد بھی کشتواڑ کو ایک الگ صوبے کی حیثیت حاصل رہی۔ یہ سلسلہ ۱۸۷۵ء تک جاری رہا جب کہ سرب دیال اس علاقے کا آخری حاکم یا گورنر ہوا ہے۔ اس کے بعد کشتواڑ ضلع بن گیا اور ۱۹۰۹ء میں اسے کشتواڑ اور رام بن کی دو تحصیلوں میں تقسیم کر کے ضلع ادھمپور

کے ساتھ ملا دیا گیا۔ ۱۹۴۷ء میں ڈوڈہ کو ایک الگ تھلگ ضلعے کا درجہ ملنے پر کشتواڑ، رام بن، ڈوڈہ، بھدرواہ کی تحصیلیں اس میں شامل کی گئیں۔ ۲۰۰۶ء میں غلام نبی آزاد صاحب نے بحیثیتِ وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر دیگر اضلاع کی طرح ڈوڈہ ضلع کو بھی کشتواڑ، ڈوڈہ اور رام بن کے تین ضلعوں میں بانٹ دیا جب کہ ان نئے ضلعوں نے یکم اپریل ۲۰۰۷ء سے عملی طور پر کام کاج شروع کیا تھا۔

اس سے پیشتر کہ بھدرواہ کی تاریخ بیان کی جائے۔ آیئے ہم ڈوڈہ، بٹوت، رام بن، بانہال اور گول کے قصبہ جات سے بھی بخوبی متعارف ہو جائیں۔ قصبہ ڈوڈہ دریائے چناب کے دائیں کنارے سے لگ بھگ چھ کلو میٹر اوپر ایک چھوٹے سے ڈھلوان پر واقع ہے۔ یہ قصبہ سرینگر سے ۲۲۴ کلو میٹر اور جموں سے ۱۷۳ کلو میٹر دور ہے۔ محکمۂ مال کی مثلِ حقیّت میں لکھا گیا ہے کہ کشتواڑ کے کسی قدیم راجے، جس کی سلطنت ڈوڈہ سے بھی آگے پھیلی ہوئی تھی، نے مُلتان (موجودہ پاکستان) کے ڈیڈہ نامی ایک مہاجر برتن ساز کو اپنی مملکت میں مستقل سکونت اختیار کرنے اور برتن بنانے کا کارخانہ لگانے پر آمادہ کیا تھا۔ اس طرح ڈیڈہ اور مانڈا اس گاؤں میں بس گئے جو بعد میں ڈیڈہ کے نام سے مشہور ہوا۔ وقت کی رفتار کے ساتھ ساتھ لفظ ''ڈیڈہ'' ڈوڈہ میں تبدیل ہو گیا جس نام سے ابھی تک اس جگہ کو موسوم کیا جا رہا ہے۔ قصبہ ڈوڈہ کے گرد و نواح کا نظّارہ دیدہ زیب ہے۔

''اے گزیٹیر آف کشمیر'' کے مرتّب چارلس ایلی سن بیٹس نے ۱۸۷۰ء۔ ۱۸۷۲ء کے دوران ڈوڈہ کا دورہ کیا تھا۔ اُس نے قلعہ ڈوڈہ جسے ۱۹۵۲ء میں مسمار کیا

گیا، سے متعلّق تحریر کیا ہے کہ یہ قلعہ قصبہ ڈوڈہ کے میدان کے ایک کنارے پر جنوب میں تقریباً پانچ گز کی دوری پر واقع ہے۔ مٹی کی بنی ہوئی یہ عمارت لگ بھگ دوسو مربّع فٹ ہے جس کے کناروں پر بُرج ہیں۔ اس میں کوئی کھائی وغیرہ نہیں ہے۔ اس میں داخل ہونے کا راستہ مشرق کی جانب درختوں میں سے ہے۔ اس قلعہ کو سرکاری جیل خانے کے طور پر اب استعمال کیا جاتا ہے اور اس میں مہاراجہ کے سوتیلے بھائی میر ہوتو سنگھ کو نظر بند کر دیا گیا ہے۔ اس کی بیوی اور باقی گھر والے قصبہ میں رہتے ہیں۔ مگر انھیں شہزادے کے ساتھ کسی بھی قسم کا رابطہ رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

وادیٔ چناب کے علاقۂ کشتواڑ کی طرح بھدرواہ کا علاقہ بھی خودمختار ریاست کا دارالخلافہ رہا ہے۔ قدرتی حُسن و جمال سے مالا مال ہونے کے سبب بھدرواہ کو ''چھوٹا کشمیر'' یا ''کشمیرِ صغیر'' کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ فرنگی جغرافیہ دان فریڈرک ڈریو اس خوبصورت وادی کے بارے میں تحریر کرتے ہیں کہ بھدرواہ تقریباً ایک ہموار سطح وادی ہے۔ وادی کی سطح تقریباً تین درجے ڈھلوان ہے۔ اس اُترائی میں وہ زمین میں چند فٹوں پر ایک زینہ بناتی ہے تاکہ یہ سینچائی کے قابل بن سکے۔ یہاں دھان کی فصل کے لئے کافی پانی دستیاب ہے۔ اس لئے مئی کے مہینے میں لوگ ہل اور بھاری قسم کی کدال سے زمین کو نرم کر کے دھان کی فصل کے لئے تیار کرنے میں مصروف تھے۔ مرد اور عورتیں اکٹھے، دس یا بارہ کے گروہوں میں کھیتوں میں کام کرتے تھے۔ کاندھے سے کاندھا ملا کر وہ دن بھر محنت کرتے اور اپنے اوقات مل کر خوبصورت گانے اور تیزی سے کام کرنے میں گزارتے تھے۔

بھدرواہ کا قدیم نام ’’ڈونگھا نگر‘‘ یا ’’اُودھا نگر‘‘ تھا جو موجودہ بھدرواہ قصبے کے جنوب میں تقریباً ڈیڑھ میل کی دوری پر سرتینگل کے نزدیک واقع تھا۔ یہ قدیم قصبہ سیلابوں کی وجہ سے تباہ و برباد ہو گیا تھا اور بعد میں یہ قصبہ موجودہ جگہ بس گیا۔ اس کا نام سہیا نگر پڑا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اسے نگر یا نگری کہا جانے لگا۔ راج ترنگنی میں بھدرواہ کو ’’بھدراواکاس‘‘ کہا گیا ہے۔ لفظ بھدرواہ کا مطلب ایک اچھی جائے قرار ہے۔ چونکہ کشمیر کے حکمران اور تاجر بھدرواہ کے راستے پٹھان کوٹ، دہلی جایا کرتے تھے۔ اس لئے اُنھوں نے اس جگہ کو یہ نام دیا تھا۔ مؤرّخ وید بھوشن گپتا کے مطابق بھدرواہ ایک جنگل تھا جہاں بسوہلی، بلاور اور چمبہ کے لوگ اپنے مال مویشی چرانے کے لئے آیا کرتے تھے۔ اُن دنوں بھوج پال بلاور کا راجہ تھا۔ اس راجے کے دو بیٹے تھے۔ بڑا بیٹا ستیادھک اپنے باپ کی وفات کے بعد گدی پر بیٹھا۔ قسمت چھوٹے بھائی رادھک کو بھدرواہ لائی۔ اُس نے جنگل صاف کئے اور کالی بھگوتی کا مندر تعمیر کیا اور اس مندر کے نام پر اپنی راجدھانی کا نام بھدر کاشی رکھا۔ جب رادھک کے ہاں لڑکا ہوا تو اس کو بھدر پال کے نام سے موسوم کیا گیا۔ بھدرواہ کی مملکت میں بھدرواہ، ٹھاٹھری، جنگلواڑ، بھلیسہ، کیلاڑ، مرمت اور کھسال شامل تھے۔ رادھک پال کی فتح کے بعد بھدرواہ صدیوں تک بلاور کی جاگیر جیسا رہا۔ بھدرواہ کے صرف بارہ بڑے بڑے راجاؤں کے حالات قلمبند ہوئے ہیں لہٰذا اُن راجاؤں کا عہدِ حکومت پندرھویں صدی یعنی راجہ ناگپال (اول) سے پہاڑ چند (۱۸۲۱ء) تک پھیلا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ چمبہ کے وزیر کے ہاتھوں شکست کھانے کے بعد پہاڑ چند نصف قلعہ جلا کر امرتسر بھاگ گیا

اور اُس کے ساتھ ہی بھدرواہ ۱۸۲۱ء سے ۱۸۴۸

علاقہ ٹھاٹھری ۱۹۸۱ء تک تحصیلِ بھدرواہ کا حصّہ تھا۔ اب یہ ضلع ڈوڈہ کی سب ڈویژنوں میں سے ایک ہے۔ ٹھاٹھری جموں سے ۲۰۱ کلومیٹر، پل ڈوڈہ سے ۲۹ کلومیٹر، بھدرواہ سے ۶۰ کلومیٹر ہے۔ ٹھاٹھری کا چھوٹا سا قصبہ بٹوت کشتواڑ نیشنل ہائی وے ون بی کے دونوں طرف آباد ہے۔ گندوعلاقہ بھلیس کا مرکز اور تحصیلِ بھلیسہ کا صدر مقام ہے۔ گندو ٹھاٹھری سے ۳۵ کلومیٹر دور ہے۔ یہ قصبہ کال گُنی نالے کے دہانے اور فلک بوس پہاڑوں کے دامن میں واقع ہے۔ لوگ بڑے ذہین، محنتی اور جچی تلی گفتگو کرنے والے ہیں۔ اٹھولی تحصیل پاڈر کا صدر مقام اور علاقہ پاڈر کا مرکزی قصبہ ہے۔ یہ قصبہ کشتواڑ سے ساٹھ کلومیٹر دور ہے۔ پاڈر سُم چام نیلم کان کی وجہ سے عالمی شہرت کا حامل ہے۔ نو پچی تحصیل مڑواہ ضلع کشتواڑ کا ہیڈکوارٹر ہے۔ یہ جگہ کشتواڑ سے براستۂ دچھن ۱۰۰ اکلومیٹر دور ہے۔ یہ قصبہ متی گاؤرن، مرگن ٹاپ، اور واڑون کے راستے سے کشمیر سے جُڑا ہوا ہے۔ اس سڑک پر ابھی چھوٹی گاڑیاں ہی چلتی ہیں۔

وادیٔ چناب کے ضلع رام بن کا صدر مقام رام بن اس خوبصورت ویلی کا اہم قصبہ ہے۔ مثلِ حقیت کے مطابق چونکہ اس بستی کے باشندے لاولد ہی فوت ہوگئے تھے اس لئے اس گاؤں کا نام ناس بن پڑ گیا۔ یہ بُرا نام تھا۔ جب مہاراجہ گلاب سنگھ بہادر بیکنہ باشی تشریف لائے تو اُنھوں نے گاؤں کا نام بجائے ناس بن کے رام بن رکھا۔ تب سے یہی نام مشہور چلا آ رہا ہے۔ رام بن سرینگر سے ۱۴۶ اکلومیٹر دور ڈوڈہ سے ۸۲ کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔ یہ قصبہ دریائے چناب کے دائیں کنارے پر

بانہال اور بٹوت کی طرح جموں وسرینگر نیشنل ہائے وے کے دونوں طرف پھیلا ہوا ہے۔

دیوگول (بانہال)، سرینگر سے ۱۰۷کلومیٹر، جموں سے ۱۸۷کلومیٹر، ڈوڈہ اور رام بن سے بالترتیب ۹۶کلومیٹر اور ۳۹کلومیٹر دور ہے۔ دیوگول نام اس وجہ سے پڑا ہے کہ یہاں بہت جنگل تھا۔ دیوؤں کا رہائشی مکان تھا۔ گول پہاڑی زبان میں گھنے جنگل کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے اس موضع کا نام دیوگول ہوگیا۔ یہاں پُرانی عمارت یا کھنڈر کوئی نہیں ہے۔ کلہنؔ کی ''راج ترنگنی'' میں یہاں بانہال کا نام ''ون شالا'' دکھایا گیا ہے۔ جو بعد میں بدل کر بانہال بن گیا ہے۔ البتہ لوک باتوں کے بموجب یہ نام بارہ (۱۲) نالے ہونے کی وجہ سے پڑا ہے۔ بانہال کے بارہ گاؤں کے نام لفظ ''ہال'' پر ختم ہوتے ہیں۔ لہٰذا لوگوں نے اس جگہ کا نام بانہال رکھا ہے۔

رام بن کا پوگل پرستان بھی جغرافیائی، لسانی اور ادبی لحاظ سے ایک اہم علاقہ ہے۔ ''تاریخِ پوگل پرستان'' کے مصنف مرحوم مولانا محمد اسماعیل اثرؔی پوگلی نے اس کی وجہِ تسمیہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ''محکمۂ مال کے ریکارڈ کے مطابق ''پوگل'' کو پوگل اس لئے کہا جاتا ہے کہ اسے پوگل سنگھ نام کے راجہ نے آباد کیا تھا جیسے ''جموں'' کا نام جموں اس لئے پڑا کہ راجہ جامبولوچن نے اسے بسایا تھا۔ اسی طرح وجہ تسمیہ یہ بھی بتائی گئی ہے کہ کھاشا قبیلے کے راجہ کا نام ''راج ترنگنی'' کے مطابق ''بھاگیکا'' تھا۔ ''بھ'' کو ''پ'' سے بدل دیا۔ ''ا'' کو واو سے تو ''پو' بن'' گیا۔ ''ی'' کو ''ل'' سے بدلا آخر میں ترخیم کردی تو پوگل بن گیا۔ یا یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہاں ''گل'' کا لفظ کئی جگہوں کے

ساتھ لگا ہوا ہے۔ مثلاً سرگلی، منزگلی، واوَگلی، ژٹ گلی، لہٰذا اس کو پوگل نام دے دیا گیا یعنی وہ علاقہ جہاں کافی گلیاں یا گلیارے ہیں۔ یہ سب باتیں فرضی ہیں۔ ان کی پُشت پر کوئی معقول دلیل نہیں بلکہ سچی بات تو یہ ہے کہ موجودہ پوگل پرستان کی اکثر آبادی راجپوت قبائل سے تعلق رکھتی ہے۔ کہ جن کے بیشتر وآباء واجداد راجستھان سے آکر یہاں آباد ہوئے۔ جو لوگ راجستھان کے ''پوگل'' علاقے سے آئے اور یہاں جس جگہ آباد ہوئے اس کا نام ''پوگل'' رکھ دیا۔ اگر لسانی تناظر میں دیکھا جائے تو پرستان، پانچل، دھنمسنہ، بوہردھار، نیل، چملو اس، چاپناڑی، ہینجہال، چنجلو، سربکنی، شکن، ناچلانہ اور کھڑی وغیرہ حلقے پوگلی میں شامل ہوجاتے ہیں۔ اس اعتبار سے پوگل کا رقبہ ۸۳۱۹ مربّع کلومیٹر اور پوگلی بولنے والوں کی تعداد پچاس ہزار سے متجاوز ہوتی ہے۔ ''(ص:۲۹۔۳۰)

بٹوت چناب ویلی کا ایک چھوٹا مگر اہم قصبہ ہے۔ محکمۂ مال کی مثلِ حقیت کے مطابق قبل از آبادی بیگم چند کے اس مقام پر رانا بٹو جبال آباد تھا اور بٹو کے نام پر یہ گاؤں بٹوت کہلاتا تھا۔ اور یہی نام برقرار رہا۔ سب سے پہلے بٹو نے یہاں کے مکانات بنائے۔ جن کے آثار اب بھی موجود ہیں۔ بٹوت ایک صحت افزا مقام ہے۔ قصبہ بٹوت سرینگر سے ۱۷۱ کلومیٹر جموں سے ۱۱۹ کلومیٹر، ڈوڈہ سے ۵۳ کلومیٹر اور رام بن سے ۲۹ کلومیٹر دور ہے۔ اس کے نزدیک پتنی ٹاپ کا مشہور سیاحتی مرکز ہے۔ بانہال اور رام بن کی طرح یہ قصبہ بھی جموں سرینگر نیشنل ہائی وے۔اے کے دونوں جانب آباد ہے۔

پوگل پرستان کی طرح ہی ضلع رام بن کا گُول علاقہ اور ریاسی کا مہور، گلاب گڑھ علاقہ بھی وادیٔ چناب کے کشمیری بولنے والے دو بڑے اہم علاقے ہیں۔ الحاج غلام قادر مغل گولوی نے اپنی تصنیف ''میں اور میرا گاؤں'' اس کو اچھی طرح متعارف کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ:

''گول کے چاروں طرف پہاڑ اور جنگل ہیں جن کی وجہ سے آسمان کے سوا آس پاس کوئی علاقہ نظر نہیں آتا ہے۔ اس وجہ سے کائنات بھی محدود نظر آتی ہے۔ یہ پہاڑ اور جنگل بھی خدا نے ترتیب کے ساتھ گُول کے اردگرد بنا رکھے ہیں جو کہ ایک محیط دائرہ بناتے ہیں اور درمیان میں گُول کا گاؤں ایک گول زمین کا ٹکڑا دکھائی دیتا ہے۔ اسی گولائی ہونے کی وجہ سے اس گاؤں کا نام گُول پڑا ہے۔ ریاسی گول سے چالیس میل دور جنوب میں واقع ہے۔ گُول کے مغرب میں گلاب گڑھ کا علاقہ ہے جو یہاں سے تقریباً تیس میل کی دوری پر ہے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ دُشمنوں سے بچنے کے لئے مہاراجہ گلاب سنگھ اس جگہ آ پہنچا تھا اسی وجہ سے اس علاقہ کا نام گلاب گڑھ پڑا ہے۔ گُول کے مشرق میں رام بن کا علاقہ ہے جو یہاں سے پچیس میل دور ہے۔ موضع مہور کی جگہ بالکل جنگل اور ویران تھی جس میں کئی قسم کے جانور رہتے تھے جن میں اکثریت مہوُر جانوروں کی تھی اور وہ زیادہ تر اُسی جگہ جمع رہتے تھے جو مہورِ خاص کہلاتی ہے۔ جب یہ جگہ آباد ہوئی تو ''مہوراں والی'' مشہور ہوئی پھر غلط العام ہو کر صرف مہور کہلائی اور آج تک اسی نام سے مشہور چلی آ رہی ہے۔'' (ص: ۱۰۔۱۱ اور

۴۳۵)۔اس وقت گُول اورمہور دونوں چھوٹے چھوٹے قصبوں کی شکل اختیار کرر ہے ہیں جب کہ گُول اور مہور کے دو(۲) الگ الگ علاقے دگن ٹاپ کے راستے ایک رابطہ سڑک سے جُڑے ہوئے ہیں۔مہور جانے کے لئے ریاستی ضلع صدر مقام سے سڑک جاتی ہے۔ جوارناس اورھرماڑی سے ہوتی ہوئی مہور پہنچتی ہے۔مہور کوئی نواحی مواضعات کے ساتھ بذریعہ لنک روڈس ملایا گیا ہےاور یہ تعمیراتی سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔مہور سے بُدھل (ضلع راجوری) کے لئے بھی ایک سڑک تعمیر ہوئی ہے۔ وادیٔ چناب سے مشہور بُدھ عالم ناگسین نے جنم لیا ہے جن کی تصنیف ''لِهنهد ہ پنہہ'' یا ''شکوک کا ازالہ'' کو دنیا میں عزّت وتوقیر کی نظر سے دیکھا گیا ہے۔ یہاں سرتھل دیوی، مچیل دیوی، واسک ناگ، گپت گنگا جیسے مشہور مندر اور گلاب گڑھ، کبن وغیرہ میں بدھ مت کے ماننے والوں کے گُنپا دور دور تک مشہور ہیں۔اس علاقے کو یہ شرف حاصل ہے کہ حضرت شیخ نورالدین نورانیؒ کے پردادا اوگرسنز وسُدھار (کشتواڑ) گاؤں سے ہی ہجرت کر کے کشمیر چلے گئے تھے۔ پھر حضرت شیخ کاملؒ کے دو اہم خلیفہ حضرت شیخ زین الدین ریشیؒ اور حضرت بابا لطیف الدینؒ کشتواڑ ہی سے تعلّق رکھتے تھے۔اس وادی کو نورِ اسلام سے منوّر کرنے کا سہرا مبلّغ اعظم حضرت شاہ محمّد فرید الدین صاحبؒ کو جاتا ہے ۔ جو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے خاندان میں سے تھے اور ۱۶۶۴ء میں بغداد شریف سے کشتواڑ پہنچے تھے۔اُنھوں نے کشتواڑ کو اپنا تبلیغی مرکز بنایا اور اس کام کو انجام

تک پہنچانے کے لئے ان کے فرزندان حضرت شاہ محمّد اسرار الدینؒ اور حضرت شاہ محمّد اخیار الدین نے لائقِ تحسین کام کیا۔ ان بزرگانِ دین کی زیارت گاہیں دربارِ اسرار یہ اور دربارِ فرید یہ کشتواڑ میں مرجعِ خاص و عام ہیں۔ چناب ویلی میں کچھ اور زیارت گاہیں بھی موجود ہیں جن میں سے بھنڈار کوٹ، رکنہ (جہاں حضرت شاہ محمد فرید الدین بغدادیؒ اور حضرت شاہ محمد اخیار الدین ولیؒ نے قیام فرمایا تھا) حضرت سعد الدین صاحبؒ قلعہ محلّہ بھدرواہ، حضرت سائیں صدیقؒ (تکیہ بازار بھدرواہ) حضرت گندر صاحبؒ (جامع مسجد بھدرواہ)، حضرت پیر دستگیر صاحبؒ (بانہال) اور حضرت عالم شاہ صاحبؒ (بانہال) وغیرہ وغیرہ کے آستانہائے عالیہ خاص طور پر مشہور ہیں۔ کشتواڑ، ڈوڈہ، بھدرواہ، ٹھاٹھری، گندو، چھاترو، بٹوت، رام بن، بانہال، اور گُول میں جگہ جگہ مساجد تعمیر ہوئی ہیں اور جہاں ہزاروں فرزندانِ توحید خالق کائنات اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہوں میں سربسجود ہوتے ہیں۔ مساجد کے علاوہ عیدگاہ اور چند امام باڑے بھی ہیں۔ وادیٔ چناب میں مختلف مذاہب کے اہم مقامات کی موجودگی کے سبب انسانی برادری اور آپسی بھائی چارے کی جڑیں کافی استوار ہیں۔ یہاں کے لوگ مختلف زبانیں اور بولیاں بولتے ہیں۔ مگر کشمیری بولنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ اُردو زبان کا تو خطۂ چناب میکا جیسا لگتا ہے۔ اردو اور کشمیری یہاں رابطے کی دو اہم زبانیں ہیں۔

خطۂ پیر پنچال:- ضلع پونچھ، جموں وکشمیر کے بیس اضلاع میں سے جغرافیائی، سیاسی اور

تہذیب وثقافت کے اعتبار سے کافی مشہور اور اہم رہا ہے۔ یہ ضلع ۳۳ ڈگری، ۲۵ فٹ سے ۳۴ ڈگری، ۳۵ فٹ مشرقی عرض بلد اور ۳۷ ڈگری۔ ۸۸ سے ۴۷ ڈگری ۳۵ مشرقی طول بلد کے درمیان واقع ہے۔ شمال مشرق میں اس ضلع کی سرحدیں بارہمولہ اور شوپیان کے ضلعوں سے جا ملتی ہیں۔ جب کہ اس کے جنوب میں ضلع راجوری واقع ہے۔ شمال مغرب میں مقبوضہ کشمیر آتا ہے۔ ۱۶۷۴ مربع کلومیٹر پر محیط اس ضلع کی کل آبادی ۲۰۱۱ء کی مردم شماری کے مطابق ۴۷۶۸۳۵ نفوس پر مشتمل تھی۔ جموں سے پونچھ بھمبر گلی، سرنکوٹ ۲۴۰ کلومیٹر ہے۔ بھمبر گلی راجوری اور پونچھ کے دو سرحدی ضلعوں کو ایک دوسرے سے الگ کرتی ہیں۔ جب کہ بفلیاز (پونچھ) سے براستۂ پیر گلی مغل روڈ تقریباً ننانوے (۹۹) کلومیٹر طویل ہے۔ پیر کی گلی کے اُس پار ضلع شوپیان واقع ہے۔ ''پوشنا'' مغل روڈ پر واقع پونچھ کی جانب سے آخری گاؤں ہے۔ ضلع پونچھ انتظامی اعتبار سے سرنکوٹ اور مینڈھر کی دو سب ڈویژنوں، چھ تحصیلوں، گیارہ دیہی بلاکوں اور ۲۲۹ پنچایتوں میں منقسم کیا گیا ہے۔ پونچھ سے منڈی اور لورن تک بالترتیب ۲۳ اور ۴۰ کلومیٹر کا فاصلہ ہے۔ لورن سے آگے بٹل کوٹ آتا ہے جہاں حضرت سائیں الٰہی بخشؒ کی زیارت ہے۔ اسی علاقے میں بڈھا امرناتھ کا پویتر تیرتھ استھان بھی آتا ہے۔ منڈی سے ۱۷ کلومیٹر کی دوری پر اس طرف کا آخری گاؤں ''ساوجیاں'' آتا ہے۔ جہاں سے پیر پنچال کو عبور کرنے کے بعد کشمیر کے ضلع بارہمولہ کا مشہورِ عالم سیاحتی مقام ''گلمرگ'' آتا ہے۔ پونچھ سے مالتی کے راستے حاجی پیر پار کر کے اُوڑی پہنچتے ہیں مگر حاجی پیر کے مقبوضہ کشمیر میں شامل ہونے کے بعد یہ راستہ بند ہو گیا ہے۔ پونچھ، منڈی، سڑک پر واقع کنکوٹ گاؤں سے

ایک لنک روڈ گونتریاں جاتی ہے جہاں مجذوب حضرت سائیں میراں صاحبؒ کی زیارتِ عالیہ مرجعِ خاص وعام ہے۔ پونچھ ہیلی پیڈ سے چند کلو میٹر چلنے کے بعد ایل۔او۔سی۔آتی ہے۔جس نے کئی خاندانوں کو بلکہ گھرانوں کو ایک دوسرے سے الگ کر دیا ہے۔ پونچھ ضلع میں کشمیری، پہاڑی اور گوجر زیادہ تر آباد ہیں۔ پونچھ کی وجۂ تسمیہ کے بارے میں وہاں کے جانے مانے محقق اور تاریخ نگار شری خوشدیو مینی نے ان خیالات کا اظہار کیا ہے کہ ”مختلف ادوار میں پونچھ کے بدلتے ہوئے نام اس طرح ہو سکتے ہیں۔ پولست، پرونست، پرونس، پرونس، پونچھ“ (مکمل تاریخ پونچھ۔ص:۲)

ضلع پونچھ کا ۱۸۳،۹۱۴ ایکٹر رقبہ جنگلات سے لدا ہوا ہے جو اس کی ۶۰ فی صد زمین کو ڈھکتا ہے۔ وہاں کے نادر جنگلی جانور مارخور، ہرن، بھورا، ریچھ، چیتا اور گوہرل ہیں۔ اسی طرح پرندوں کی ایک خاص تعداد وہاں دکھائی دیتی ہے۔ ۱۹۴۷ء سے پہلے پونچھ میں ۴۱ شکار گاہیں اور نو مارخور گیمز ریز رو تھے۔ لیکن ۱۹۴۷ء کے بعد آبادکاریوں اور جنگلوں کی بے دریغ کٹائی نے ماحولیاتی توازن کو کافی حد تک بگاڑ دیا ہے۔ پونچھ کے باشندے گوجری، پہاڑی اور کشمیری زبانیں بولتے ہیں۔ یہ زبانیں لوک گیتوں سے مالا مال ہیں۔ پونچھ اور کشمیر پیر پنچال کے سلسلۂ کوہسار سے ایک دوسرے سے الگ ہوتے ہیں۔ تتا کوٹی اسی پہاڑی سلسلے کی سب سے اونچی چوٹی ہے جو سطح سمندر سے ۱۵۵۶۰ فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ پونچھ علاقے میں سُکھ سر، نیل سر، بھاگ سر، کالدا چند سر اور نندن سر نامی خوبصورت جھیلیں ہیں جو گلیشر اور برف سے ڈھکی ہوئی اونچی اونچی چوٹیوں سے گھری ہوئی ہیں۔ مغل روڈ پر واقع نوری چھم کے آبشاروں کو

عالمی شہرت حاصل ہے۔ علاقہ پونچھ میں اور کئی قابلِ دید مقامات موجود ہیں جن میں سے بہرام گلا، بفلیاز، لورن، گگریاں، ساوجیاں، کرشنا گھاٹی، طوطا والی گلی، گرجان، قلعۂ پونچھ، بڈھا امرناتھ، رام کُنڈ، ننگالی صاحب چھوٹے شاہ وغیرہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

پونچھ کی سابقہ ریاست ایک پُرانی مملکت تھی جو چینی سیاح ہیون سانگ (۶۳۳ء) کی آمد سے پہلے ہی وجود میں آئی ہوئی تھی۔ یہ ریاست شمال میں پیر پنچال، مشرق میں راجوری کے علاقہ جات، جنوب میں میدانی پنجاب اور مغرب میں دریائے جہلم نے گھری ہوئی تھی۔ پونچھ ریاست کا اصلی نام پرونژہ تھا لیکن وینی نے اسے پونچھ کہا ہے جو وہاں سے گزرا تھا۔ لوہارا پونچھ ریاست کی ابتدائی راجدھانی تھی جسے آج کل ''لورن'' کہا جاتا ہے۔ ''دارو بھیارا'' پہاڑی علاقے کے اندر واقع یہ ریاست اُس علاقے میں قائم ہونے والے اوّلین ریاست تھی۔ سر۔ اے۔ سٹائن کا خیال ہے کہ لوہرن ریاست تقریباً ۸۴۰ عیسوی میں ''نارا'' نامی ایک مقامی سردار نے بنائی تھی جو کھاشا قبیلے کا فرد تھا۔ ابتدائی دور کے راجاؤں میں نرواہانا، پھولا، اُدھیانہ اور وگھرا کے نام لئے جارہے ہیں۔ وگھرا راجا نے ۱۰۰۰ عیسوی سے ۱۰۳۰ عیسوی تک یعنی دس برس تک حکومت کی تھی۔ اس کے بعد کشتی راجا اور اُتکرشا گدی نشین ہوئے۔ اُتکرشا کے مرنے کے بعد لون ریاست کی اندرونی خودمختاری ختم کردی گئی اور اس علاقے کو کشمیر سلطنت کا ایک صوبہ بنادیا گیا مگر کانتی راجا کے دو پوتے اوچھالا اور سوسلز کشمیر کی سیاست میں اہم رول ادا کرتے رہے جن سے سوسلز ۱۱۱۲ء میں کشمیر کا بادشاہ بنا۔

تاریخ نشاندہی کرتی ہے کہ لوہرن خاندان کی حکومت ۱۴۵۰ء میں ختم کی گئی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ حاجی خان نے لوہرن ریاست کا علاقہ فتح کر کے لوہرن کے بدلے پونچھ کو اپنا صدر مقام بنالیا تھا۔ حاجی خان کو کشمیر کے سلطان زین العابدین (بڈشاہ) نے لوہرن بھیجا تھا اور یہ علاقہ عملی طور پر کشمیر کے ماتحت رہا۔ ۱۵۸۶ء میں علاقہ پونچھ جہانگیر بادشاہ نے ایک مسلمان خاندان کے فرد کو دے دیا تھا اس لئے یہ خاندان ۱۸۱۹ء تک برسرِ اقتدار رہا۔ سراج الدین پہلا مسلمان تھا جسے جہانگیر نے ''راجا'' کا خطاب دیا تھا۔ اس کے بعد جو راجے پونچھ کے تخت پر بیٹھے ان میں فتح محمد خان، عبدالرزّاق، علی گوہر خان، شاہباز خان، خان بہادر خان، اور امیر باز خان شامل تھے۔ راجا میر باز ۱۸۲۳ء میں تخت نشین ہوا مگر تب تک مہاراجہ رنجیت سنگھ کے حکم سے گلاب سنگھ نے پونچھ کو فتح کر لیا تھا۔ لہٰذا نئے راجے کو لاہور طلب کیا گیا جہاں پر اُس کے پُرانے دشمنوں نے اُسے قتل کر دیا۔ بعدازاں پونچھ شیر باز خان کو بطورِ جاگیر عطا کیا گیا اور یہ علاقہ ۱۸۴۷ء تک شیر باز کے وارثوں کے پاس رہا جب کہ غلام محی الدین آخری جاگیر دار تھا۔ پونچھ جاگیر آخر کار موتی سنگھ کے زمانے (۱۸۵۹ء) میں قائم ہوئی تھی جس کا رقبہ ۱۶۰۰ مربع میل (۲۵۶۰ مربع کلومیٹر) تھا۔ پونچھ جاگیر چار تحصیلوں میں بٹی ہوئی تھی۔ جن کے نام تحصیل باغ، تحصیل سدھنوتی، تحصیل حویلی اور تحصیل مینڈھر تھے۔ ۱۹۴۷ء میں قبائلی حملے کے نتیجے میں تحصیلِ حویلی کے ۸۷ پٹوار حلقے بمعہ تحصیلِ باغ اور تحصیلِ سدھنوتی (مکمل طور پر) پاکستان کے قبضے میں چلی گئی۔ اور مذکورہ تین تحصیلوں میں سے حویلی تحصیل کے صرف ۸۳ حلقہ پٹوار جموں و کشمیر سے منسلک

ہیں۔ جب کہ تحصیل مینڈھر کے چودہ پٹوار حلقے پاکستان کے زیرِ تسلّط ہیں۔ موجودہ ضلع پونچھ مینڈھر، پوراوا، ٹھیکتا، باگپن، پارل، سنجیورہ حویلی (پونچھ) اور سدرن کی تحصیلوں پر مشتمل ہیں۔ ضلع پونچھ جموں وکشمیر کے صوبہ جموں میں آتا ہے۔

۲۶۳۰ مربّع کلومیٹر پر محیط ضلع راجوری میں ۲۰۱۱ء کی مردم شماری کے مطابق ۶۱۹،۲۶۶ لوگ رہائش پذیر ہیں۔ پونچھ کی طرح راجوری بھی ایک سرحدی ضلع ہے۔ جو کالاکوٹ، سُندربنی، نوشہرہ، کوٹرنکہ اور تھنہ منڈی سب ڈویژنوں، خاوس، کوٹ رنکا، راجوری، درہال، بیری پٹن، تھیراٹ، تھنہ منڈی، منجاکوٹ، نوشہرہ، سُندربندی، کالاکوٹ، قلعۂ درہال اور سیوٹ تحصیلوں، ۱۹ دیہی ترقیاتی بلاکوں اور ۳۱۲ پنچایتوں میں انتظامی اعتبار سے تقسیم ہوا ہے۔ راجوری میں صدر مقام ہونے کے سبب اس ضلع کا نام راجوری ہی رکھا گیا ہے۔ مؤرّخ خوشدیو مینی نے راجوری کی وجہِ تسمیہ یوں بیان کی ہے۔:

''مختلف ادوار میں راجوری کو راجپوری، راجاوری، راج وری، رازوری، راجور، اور راجوری کے مختلف ناموں سے جانا جاتا رہا ہے۔ لیکن راجوری کا ماخذ راجپوری ہی ہے جو پال شاہی راجاؤں نے اپنے خاندان کی کنیّت سے اس علاقے کو دیا تھا۔ (مکمّل تاریخِ راجوری۔ ص:۴۶) سرکاری ریکارڈ میں ضلع راجوری کا محلِ وقوع یوں درج ہے۔

"Rajouri district is located between 70 degree and 74 degree East Longitude and 32 degree- 58and 33

degree 35 North Lititude. It is flanked by the poonch district in the north , Jammu district on the South , Reasi district in the East and Pakistan occupied Kahmir 2001 (Mirpur area) in the west"

(Jammu and Kashmir published by the J&K Information Department)

راجوری ضلع ۱۹۶۸ء میں پونچھ ضلع سے الگ کر کے قائم کیا گیا تھا۔

قصبہ راجوری جموں جنرل بس اسٹینڈ سے ۱۵۴ کلومیٹر دور ہے۔ جموں سے راجوری پونچھ قومی شاہراہ اکھنور، کالی دھار، سُندر بنی اور نوشہرہ کی بستیوں سے گزرتی ہوئی راجوری پہنچتی ہے۔ اس سڑک کے بائیں جانب۔ایل۔او۔سی کا وہ علاقہ آتا ہے جو مقبوضہ کشمیر کے میر پور ضلع کے ساتھ شامل ہے۔ سیوٹ (سُندر)...... سے ایک سڑک کالا کوٹ کے لئے نکلتی ہے جو آگے بڑھ کر راجوری قصبے سے جا ملتی ہے۔ کالا کوٹ سے ایک سڑک ریاسی کے لئے نکلتی ہے جب کہ بھاملہ سے دوسری سڑک بھی ریاسی کو جاتی ہے۔ راجوری سے ریاسی یا کٹرہ جانے کے لئے یہ دونوں راستے نزدیک ترین ہیں۔ راجوری قصبہ سے ایک روڈ تھنہ منڈی، ڈیرہ گلی، بفلیاز، مغل روڈ، سُرن کوٹ اور پونچھ کے لئے نکلتی ہے۔ راجوری سے درہال کے لئے بھی ایک سڑک نکلتی ہے۔ درہال سے نندن سر پہاڑ کو عبور کر کے کشمیر کے ضلع شوپیان کے ہاپتھ ناڑ اور ہیر پور علاقے آتے ہیں۔ قدیم زمانے میں درہال سے کشمیر کو راستہ جاتا تھا۔ تھنہ منڈی سے تقریباً چھ کلومیٹر کی دوری پر شاہدرہ شریف کا گاؤں آتا ہے۔ جہاں مشہورِ عالم صوفی بزرگ بابا غلام شاہ بادشاہؒ کی زیارت گاہ مرجعِ خلائق ہے۔ حضرت بادشاہؒ کے نام پر راجوری میں بابا غلام

شاہ بادشاہ یونیورسٹی کھولی گئی ہے۔ جس کے کیمپس قصبہ راجوری سے تقریباً آٹھ کلومیٹر کی دوری پر دھنور گاؤں کے متصل تعمیر کئے گئے۔

راجوری ضلع کے قابلِ دید مقامات میں شاہدرہ شریف زیارت کے علاوہ نوگزی زیارت، زیارت بابا سخی سلطانؒ، منگلا دیوی، چنگس، دہرہ گلی، تھنہ منڈی، لال باولی، وار میموریل، دھنی دار قلعہ، عثمان میموریل، بھاگسر، سُکھ سر، سرانند سر، کٹوری سر، سمت سر، کال درشن، گُم سر وغیرہ خاص طور پر شامل ہیں۔ راجوری ضلع کا ۱۳۰۴ مربّع کلومیٹر رقبہ سرسبز جنگلات سے لدا ہوا ہے جن میں مختلف جنگلی جانور اور پرندے موجود ہیں۔ ایک زمانے میں راجوری ایک اہم ریاست کا صدر مقام تھا جس نے ابھیسار پہاڑوں اور کشمیر کے اندرونی معاملات میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ کچھ غیر ملکی سیاحوں کا کہنا ہے کہ راجپوری سلطنت شمالاً جنوباً ۲۰ سے ۲ میل اور شرقاً غرباً تیس میل تھی۔ اور اس کی شمالی سرحد رتن پیر (پہاڑ) تھا اور یہ بھمبر ریاست کے جنوب میں تھی۔ یہ ریاست تقریباً پانچویں صدی عیسوی میں قائم کی گئی تھی۔ مگر اس کا کوئی ریکارڈ دستیاب نہیں ہے۔ ''راج ترنگنی'' میں لکھا گیا ہے کہ پھالکنہ نامی ایک شخص نے کشمیر کے بادشاہ ابھیمانیو (۹۵۸ء۔۹۷۲ء) کے عہدِ حکومت میں راجوری پر حملہ کیا تھا۔ اس وقت راجا پرتھوی پال راجوری کا حکمران تھا۔ زین العابدین بڈشاہ کے دور میں راجوری کے ساتھ ایک معاہدہ طے ہوا تھا جس کے تحت راجوری میں ایک مسلمان خاندان برسر اقتدار آ گیا تھا۔ بعد ازاں راجوری کشمیر کے دربار کے باج گزار بن گئی جس کے بدلے میں راجوری کے راجاؤں کو کشمیری رائلٹی دینے لگے۔ رحیم خان راجوری کا آخری راجہ تھا۔ جس

نے ۱۸۱۹ء سے ۱۸۴۲ء تک حکومت کی تھی۔ عہد نامہ امرتسر پر عملدرآمد ہونے کے نتیجے میں راجوری کا سارا علاقہ ۱۸۴۶ء میں ریاست جموں وکشمیر کا حصہ بن گیا۔

راجوری ضلع میں کشمیری، پہاڑی اور گوجری زبانیں زیادہ تر بولی جاتی ہیں۔ جب کہ اردو کو رابطے کی زبان ہونے کا امتیاز حاصل ہے۔ راجوری ضلع کے ان بالائی علاقوں میں کشمیری تہذیب وثقافت کی چھاپ ہے۔ جن کی سرحدیں وادیٔ کشمیر کے ساتھ ملتی ہیں۔ راجوری کے چند اہم قلمکاروں کے نام اس طرح ہیں: شہباز راجوروی، فدا راجوروی، فاروق مضطر، خورشید بسمل، صابر مرزا، روبینہ میر، عبدالقیوم نایک، احمد شناس، زنفر کھوکھر، ڈاکٹر رفیق انجم، ڈاکٹر محمد آصف ملک نعیمی، غلام قادر میر، مختار ثاقب، شبیر راتھر، نثار راہی، ڈاکٹر عبدالحق نعیمی، ڈاکٹر فاروق انوار مرزا وغیرہ وغیرہ۔

☆☆

اصل: فارسی

اردو: مفتی شفیق الرحمٰن

تاریخ کشمیر......(قسط:8)

از

ملک حیدر چاڈورہ

روایت ہے کہ بہرام گور کے دل میں ہندوستان کی سیر کرنے کی اُمنگ پیدا ہوئی اور وہ اکیلا ہی اس طرف دوڑ پڑا۔ قضاء سے ان دنوں ایک ہاتھی سرکش ہو گیا تھا اور اس نے آنے جانے والوں کا راستہ بند رکھا تھا اور اس نے مشہور پہلوانوں کی ایک جماعت کو پاؤں تلے روند ڈالا تھا جنہوں نے اس کے خلاف دلیری اور بہادری کا علم بلند کیا تھا۔ یہ خبر سُن کر بہرام کی غیرت کی رگ پھڑک اُٹھی اور وہ اس طرف چل پڑا۔ جب اس ملک کے حکمران کو اس بات کی اطلاع ملی تو اس نے اپنے ایک قابلِ اعتماد شخص کو روانہ کر دیا تا کہ وہ بہرام پر نظر رکھے کہ وہ کیا کچھ کرتا ہے۔ وہ شخص درخت پر چڑھ کر تماشا دیکھ رہا تھا کہ اچانک ہاتھی کی نظر بہرام پر پڑی اور اس نے پوری خوفناکی سے بہرام کا رُخ کیا۔ بہرام نے بھی ایک تیر کمان پر رکھ کر ہاتھی کی پیشانی پر اس طرح مارا کہ وہ اس کی ناک میں جا گھسا۔

الغرض بہادر بادشاہ گھوڑے سے نیچے اُتر آیا اور ہاتھی کے سونڈ میں ہاتھ اس طرح مارا کہ ہاتھی زانو کے بل بیٹھ گیا اس کے بعد اس نے اس کا سر تلوار کے ذریعے تن سے جُدا کر دیا اور اس جگہ کی سرزمین کو ہاتھی کی قید سے چھُڑا لیا۔

ہم دوبارہ ملک دولت چک کے قصّے کی طرف جاتے ہیں جب وہ شیر خان افغان سے کمک حاصل کر کے کشمیر آیا اور شکست کھا گیا تو وہ ایک چرواہے کے ہاتھ گرفتار ہو گیا جو طاقت وقوت میں پہاڑ صفت ملک دولت چک کے بالکل بھی ہم پلّہ نہ تھا۔ مگر قضاء نے اس کو ایک بکری کی طرح ایک برے چوپائے کا قیدی بنا دیا وہ اس کو ہاتھ باندھ کر غازی خان کے سامنے لایا اس نے اس کی آنکھوں میں گرم سلائی پھرا دی۔

961ھ میں اگر چہ حبیب خان برائے نام بادشاہ تھا مگر اس کا ماموں غازی خان خودمختار تھا چونکہ حبیب خان میں بادشاہت وسلطنت کی لیاقت وصلاحیت بالکل نہیں تھی۔ 962ھ میں وہ دربار میں بیٹھا ہوا تھا اس نے احکام میں کوئی غلطی کی جس کی وجہ سے اکثر وزراء کو شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔ غازی خان کے چھوٹے بھائی علی خان نے حبیب خان کے سر سے تاج اُٹھا کر غازی خان کے سر پر رکھ دیا۔

چکوں کے قبیلے سے سب سے پہلا شخص جو حکمران بنا وہ غازی خان تھا۔ اس کی حکومت نو سال دو ماہ تک رہی اس نے اپنے دورِ حکومت میں پورے کوہستانِ ہندکو فتح کیا اور ران گلی اور بہنیر پر بھی قبضہ کیا۔ اس نے کمال خان گھگڑ کی بیٹی سے نکاح کیا اور اس نے سب جگہوں پر فوجی آفیسر مقرر کئے۔ تبّت کے دونوں حصّوں اور کشتواڑ،

دارو، گلگت اور پکھلی کو وہاں کے حکمرانوں سے چھینا۔ جن دنوں غازی خان ملکوں کو فتح کرنے میں لگا ہوا تھا ملک دولت چک جس کی آنکھ میں سلائی پھیری گئی تھی اور شمس الدین چاڈورہ ولد عیدی ملک نے ہمایوں بادشاہ کی بارگاہ میں مدد کے لئے التجاء کی اور اسی دوران ہمایوں بادشاہ چھت سے گر کر خلدِ بریں کو روانہ ہو گیا۔ اس کی تاریخِ وفات 962ھ ہے جیسا کہ اس تاریخی مصرعہ سے معلوم ہوتا ہے۔

''ہمایوں بادشاہ از بام اُفتاد''

شمس الدین جو بہادری اور دلیری کے علاوہ صحیح اور عمدہ طبیعت کا وصف بھی اپنے اندر رکھتا تھا اس نے ہمایوں بادشاہ سے تربیت یافتہ ''میر ابوالمعالی'' کو اور غازی خان کے جلاوطن کئے ہوئے اکثر سرکردہ لوگوں کو ملک پر قبضہ کرنے کی ترغیب دی۔ ''میر ابولمعالی'' بہادری اور مردانگی میں بے مثال تھا اور جب غازی خان کے ڈر سے بھاگے ہوئے لوہر ڈانگر اور موسیٰ ملک وغیرہ نے فوج در فوج اس کا رُخ کیا اور چومک کے راستے سے پونچھ پہنچ کر اُنہوں نے اس طرح تدبیر اور کوشش سے کام لیا کہ وہ پٹن تک پہنچ گئے اور غازی خان کو پتہ بھی نہیں چلا اور جونہی اس کو اطلاع ملی تو اس نے فوراً ایک زبردست لشکر تیار کر کے اور جنگ کرنے کا عزم کر لیا چنانچہ ہانجی ویرہ کے میدان میں جنگ کی آگ بھڑک اُٹھی اور اکثر بہادروں کی زندگی کا خرمن بے حیثیت ہو کر رہ گیا اس معرکے میں دشمن کی طرف سے ملک شمس الدین اس غضبناک شیر کی طرح بہادری کے ساتھ وار کر رہا تھا جو بکریوں کے ریوڑ کے پاس سے گزرے اور جنگ کی یہ آگ صبح سے شام تک بھڑکتی رہی۔ جب ملک شمس الدین کو اندازہ ہو گیا کہ ''میر ابو

المعالی'' مغلوب ہو رہا ہے اور ممکن ہے کہ وہ گرفتار ہو جائے گا اور یہ بدنامی کا باعث ہوگا تو اس نے فوج کا ایک دستہ دے کر اُس کو وہاں سے روانہ کر دیا اور خود غازی خان کے لشکر کے مقابلے میں ڈٹا رہا۔ لیکن جب خدا کو منظور نہیں تھا جیسا کہ کہا گیا ہے کہ:

اگر تیغِ عالم بہ جنبد زجائے نبرد رگے تانخواہد خدائے

ترجمہ: اگر ساری دُنیا کے لوگوں کے تلواریں حرکت میں آ جائیں تو وہ ایک رگ کو بھی کاٹ سکیں گے جب تک کہ خدا کو منظور نہ ہوگا۔

بالآخر ملک شمس الدین زندہ گرفتار ہو گیا اور دشمن کے لشکر سے سترہ سو لوگوں کو قید کر کے مار ڈالا گیا اور اس جنگ میں دونوں طرف کے چار ہزار فوجی مارے گئے جن میں سے زیادہ تعداد دشمن کے فوجیوں کی تھی جو اس راستے کو بھول گئے تھے جہاں سے وہ آئے تھے۔ غازی خان نے ان کے سروں پر مینار بنائے اور باوجودیکہ ملک شمس الدین کی بیٹی غازی خان کے نکاح میں تھی اس نے اس کو بھی قتل کر دیا۔ غازی خان کو اس جنگ میں عظیم اور بے مثال فتح نصیب ہوئی۔

دو سال کے بعد ملک دولت چک کے دوسرے بھائی اور شمس الدین چاڈورہ کا بھائی ملک محمد اور لوہر چک اور محمد خان ماگرے اور تازی خان جو غازی خان سے باغی ہو گیا تھا ان سب لوگوں نے پلوں کو کاٹ کر ذالڈگر کے میدان میں خون آشام تلواریں انتقام کے نیاموں سے باہر کھینچ لیں اور جنگ کرنے کے لئے تیار ہو گئے اور جو لوگ غازی خان سے ناراض ہو گئے تھے وہ دن بدن ان سے آ کر ملنے لگ گئے جب غازی خان کو پتہ چلا کہ دشمن کا لشکر دن بدن بڑھ رہا ہے اور تاخیر کرنا ٹھیک نہیں تو اس نے محلّہ

دیدہ مر کے پاس سے اپنے لشکر سمیت دریا کو پار کیا اور دشمن کے مدِّ مقابل صف آراء ہو گیا اور جوانوں نے بہادری اور دلیری کی داد دی۔ اسی دوران شمس الدین چاڈورہ کے بھائی ملک محمد اور غازی خان نے آگے آ کر ایک دوسرے کو للکارا جب غازی خان کو ملک محمد کی طرف سے غلبے کا اندازہ ہوا تو اس نے ہاتھی کی پناہ لی اور ہاتھی کے ہوتے ہوئے بھی ملک محمد نے چند بار غازی خان پر حملہ کیا مگر اس دوران ملک محمد کا سارا لشکر بھاگ چکا تھا اور یہ حال دیکھ کر وہ شکستہ دِل ہو کر کہہ رہا تھا:

بر انگیختم گردِ ھیجا چو دود چو دولت نبا شد تہوّر چہ سود
غنیمت شمارم طریقِ گریز کہ نادان کند با قضا پنجہ تیز

ترجمہ: میں نے دھویں کی طرح جنگ میں گرد اُڑایا۔ مگر جب دولت نہ ہو تو دلیری کا کیا فائدہ۔ میں بھاگنے کے راستے کو غنیمت سمجھتا ہوں۔ کیونکہ قضاء کے ساتھ نادان شخص ہی زور آزمائی کرتا ہے۔

ملک محمد نے اپنی بہادری اور زورِ بازو سے اپنے آپ کو اس معرکے سے آزاد کیا اور غازی خان نے ہاتھی کو آگے بڑھا کر حبیب خان چک کا رُخ کیا اور باوجودیکہ اس جوان پہلوان کا سارا لشکر شکست خوردہ ہو کر بھاگ چُکا تھا اور وہ تن تنہا رہ گیا تھا مگر وہ جب بھی حملہ کرتا تو غازی خان کے لشکر کو پیچھے بھگا دیتا یہاں تک کہ وہ دریائے جہلم تک پہنچ گیا لیکن غازی خان کا لشکر زمانے کے اس صف شکن پر لحمہ بہ لحمہ میدانِ کارِزار کو تنگ کرتا جا رہا تھا۔ مجبوراً وہ دریا کے اندر کود گیا اور ابھی وہ کنارے پر نہیں پہنچ پایا تھا کہ ہاتھی نے اس کو پیچھے سے آلیا اور چونکہ حبیب خان نے بہت زخم کھائے تھے اور اس کے

ہاتھوں میں اب جنگی حربے استعمال کرنے کی طاقت نہیں رہی تھی لہٰذا اس نے ہاتھی کے سونڈ کو دانتوں میں پکڑ لیا اور اس طرح مضبوطی سے پکڑا کہ ہاتھی فریاد کرنے لگ گیا ۔اس نے مجبوراً اُس کو چھوڑ دیا مگر ہاتھی نے دوبارہ فیل بان کے اشارے سے حبیب خان کی کمر بند پکڑ لی اور اس کو دنیا کی مشقت سے آزاد کر دیا اور غازی خان اس میدانِ جنگ سے فتح و کامیابی کے ساتھ واپس لوٹا اور اکثر قبیلوں کے سردار مثلاً ملک محمد ناجی اور لوہر ڈانگر اور خواجہ حاجی سلطان اور اُس کے اکثر بھائی اور یوسف خان اور نصرت خان ہندوستان چلے گئے اور میرزا حیدر کاشغری کے بھانجے قرا بہادر میرزا کی پناہ لی اور اس کو ملک پر قبضہ کرنے کی ترغیب دی اور چونکہ قرا بہادر میرزا ان سب کو غازی خان سے بہتر جانتا تھا اور اس کو ان پر پورا اعتماد تھا لہٰذا وہ بارہ ہزار کشمیری اور مغل سواروں کے ہمراہ نکل پڑا۔ غازی خان یہ خبر سنتے ہی ہوا کی طرح تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہو گیا اور لشکر کی فراہمی کا انتظار کئے بغیر بجلی اور تیز آندھی کی طرح تھوڑی سی فوج کی ہمراہ روانہ ہو گیا اور تھنہ کے مقام پر جا پہنچا اور وہاں پر قرب و جوار سے اور افواج بھی آ کر ان کے ساتھ مل گئیں اور وہاں سے کوچ کر کے اس نے لوہر کوٹ میں ڈیرہ ڈال دیا اور ایک ہی دن میں قلعہ تعمیر کر لیا۔ دوسرے دن دونوں طرف سے شیر دِل بہادر اور دلیر جنگجو جنگ کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ غازی خان نے حکم دیا کہ جو شخص کسی مغل کا سر کاٹ کر لائے گا اس کو ایک اشرفی انعام میں دی جائے گی جب انعام کی بات بیچ میں آ گئی تو کمینوں کی ایک جماعت جن کا کام چوری کرنا تھا اور جو سب لوگوں سے کمترین ہوتے ہیں اُنہوں نے انعام پانے کے لالچ میں صبح سے ظہر کی نماز تک سات ہزار سر غازی

خان کے دربار میں پیش کیئے اور اُنہوں نے دوگنا انعام پایا کیونکہ سپاہیوں تک جنگ کی نوبت پہنچی ہی نہیں۔ دشمن کا باقی ماندہ لشکر شکست کھا گیا اور غازی خان فتح و کامیابی کے ساتھ واپس لوٹا اور اس نے سروں کا اتنا اونچا مینار بنایا جو کہ پہلے (ہانجی ویر میں بنائے گئے) مینار سے بھی اونچا تھا۔ غازی خان اس فتح کے بعد پوری طرح رعیت پروری اور رعایا کے ساتھ احسان کرنے میں مشغول ہو گیا۔

چنانچہ مشہور ہے کہ اس کے سب سے لائق بیٹے حیدر خان کے ملازمین میں سے ایک نے کسی شخص کے ساتھ زیادتی کی تھی غازی خان نے اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دے دیا اور یہ بات حیدر خان کے دل پر ناگوار گزری اور وہ بغاوت پر آمادہ ہو گیا اور اپنے باپ سے روگردان ہو گیا۔ غازی خان نے اپنے سالے ملک محمد چند کو اس کے بھانجے حیدر خان کو نصیحت کرنے کے لئے بھیجا اور دورانِ گفتگو ملک محمد چند کی زبان سے کوئی نامناسب بات نکل گئی شہزادے نے اپنے ماموں کو قتل کر ڈالا۔ غازی خان نے ملک محمد چند کے قصاص میں اپنے بیٹے کو بھی قتل کر ڈالا اور پدری شفقت کچھ بھی کام نہ آئی۔ آخر کار فطری محبت کے تقاضے سے جو ہر انسان کے دل میں رکھی گئی ہے غازی خان اس غم سے بیمار ہو کر صاحبِ فراموش ہو گیا اور اپنے بھائی حسین خان کو اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ 971ھ میں حسین خان تختِ بادشاہت پر براجمان ہو گیا۔ اس نے عدل و انصاف کرنے، رعیت اور رعایا کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں چھوڑی اور اس نے مالی معاملات اور اہم ملکی امور ملک محمد کو سونپ دیئے وہ ملک محمد ناجی کو باپ کے برابر سمجھتے ہوئے اس کی پوری تعظیم و تکریم کرتا اور خوش انجام بادشاہ کے نظم

وضبط اور حسنِ تدبیر کی وجہ سے کسی بھی اپنے یا بیگانے نے ملک کشمیر کی طرف للچائی ہوئی نظروں سے نہیں دیکھا۔

چناں حکمت و معرفت کار بست که از امر و نهیش درونے نخست

ملک راہمین ملک پیرایه بس که راضی نشد او بآزارِ کس

ترجمہ: اس نے اس طرح حکمت و دانائی سے کام لیا کہ اس کے حکم دینے اور روک ٹوک کرنے سے کوئی بھی دل زخمی نہیں ہوا۔ بادشاہ کے لئے یہی طریقہ کافی ہے کہ وہ کسی کو ستانے سے خوش نہ ہو۔

حسین خان اپنے ایّامِ حکومت میں عیش وعشرت، تفریح اور شکار میں لگا رہتا تھا اس نے ہفتے کے دنوں کو اس طرح تقسیم کر رکھا تھا کہ وہ جمعہ کا دن علماء وفضلاء کے ساتھ اور سنیچر کا دن عدل و انصاف کرنے اور فریاد سُننے اور پیر کا دن ہندوستانی دانشوروں کے ساتھ اور منگل کا دن شکار کرنے میں اور بدھ کا دن فوج، تیراندازی، گھوڑ دوڑ اور چوگان کھیلنے میں اور جمعرات کا دن قوالوں اور ہنسی کھیل کرنے والوں کے ساتھ گزارا کرتا تھا۔ ہر روز نمازِ فجر سے فارغ ہونے کے بعد خزانچی کو حکم تھا کہ وہ کچھ سونا انعام کے لئے اور خاص خرچ کے لئے الگ رکھا کرے اور جب اس سے انعام کی رقم مقرر کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو اس نے کہا کہ لوگ انعامات اور داد و دہش کو مستی پر محمول کرتے ہیں۔ روایت ہے کہ چنگیز خان کا بیٹا ''اوقتائی قاآن'' جو کہ بڑے اچھے اخلاق سے آراستہ تھا جب وہ حکمران بنا تو تمام لوگوں نے اس کی سخاوت سے پورا پورا فائدہ اُٹھایا۔

چنانچہ کتب تواریخ میں مذکور ہے کہ ایک روز ''قاآن'' شرابِ ارغوانی پی کر بڑے مزے کی حالت میں تھا کہ ایک شخص نے اس کو ایک حقیر نذرانہ پیش کیا ''قاآن'' نے اس کے لئے تقریباً پندرہ سو درہموں کے بقدر چاندی کے انعام کا حکم دے دیا۔خزانہ داروں نے یہ سمجھ کر کہ یہ حکم مستی کی حالت میں دیا گیا ہے توقف کیا۔ جب بادشاہ کو اس بات کی خبر ہوئی تو اس نے اس فقیر کو دوگنا عطا کیا اور اس نے دو ہڈیوں کو برابر میں رکھ کر پوچھا کیا دُنیا میں کوئی ایسی چیز ہے جو ہمیشہ رہے؟ لوگوں نے جواب دیا نہیں! اس نے کہا کہ جواب غلط ہے۔ بلکہ نیک نامی اور سخاوت و خیرات کے نشانات دنیا کے ختم ہونے تک باقی اور موجود رہنے والے ہیں 975ھ میں حسین خان کا چھوٹا بھائی شنکر خان اعلانیہ طور پر بغاوت کر کے کوہستان ہند کی طرف بھاگ گیا اور اس نے بمبرو دانگلی اور ککران کی ریاست جیسے اکثر مضافات پر قبضہ کر لیا اور اس نے وہاں باشندوں پر بڑا جبر وظلم کیا اور سب لوگ اس ظالم سے متنفر ہو گئے اور اُنہوں نے بادشاہ کی بارگاہ میں عرض کی کہ اگر شنکر خان بادشاہ ہے تو پھر ہمارے لئے کوئی چارہ نہیں ورنہ آپ حکم دیں کہ اس سرکش کے بارے میں سوچا جائے۔ بادشاہ بھی اس سے بہت ناراض تھا اس نے اس مضمون کا حکم صادر کیا کہ تم اس کو گرفتار کر لو اور اگر تمہیں مدد کی ضرورت ہو تو لکھو کمک روانہ کی جائے گی اور جب شنکر خان کو اس بات کی اطلاع ہوئی تو اس نے ایک زبردست فوج کے ہمراہ کشمیر کا رُخ کیا اور بادشاہ حسین خان نے ملک محمد ناجی کے چھوٹے بھائی علی خان کی سربراہی میں اس کے مقابلے کے لئے فوجیں روانہ کر دیں اور قصبہ پونچھ میں فریقین کی آپس میں مڈبھیڑ ہوئی۔ چونکہ ہراول دستہ ملک محمد

ناجی کا تھالہٰذا وہ علی خان سے پہلے ہی پونچھ پہنچ گیا اور ابھی اس نے راستے کی تھکن سے آرام نہیں پایا تھا کہ شنکر خان پہاڑ جیسے لشکر کے ساتھ جو کثرتِ تعداد میں یاجوج ماجوج کا پتہ دیتا تھا ان پر چڑھ دوڑا اور نیک نیت ملک محمد ناجی خنجروں کے ہجوم سے بالکل نہیں ڈرا اور اس کے ساتھ توپوں، اولاد اور بھائیوں میں سے جو سات سو سوار بجلی جیسی رفتار رکھنے والے تھے ان کے ہمراہ دھاڑتے ہوئے شیر کی طرح دشمن کے خلاف ایسی کاروائی کی کہ جس سے سام نریمان بھی حیران ہو جائے اور ملک محمد ناجی بذاتِ خود میدانِ جنگ میں اُتر آیا یہاں تک کہ اس جنگ میں اس کا نیزہ ٹکرے ٹکرے ہو گیا اور پھر سرکش تلوار کو نیام سے باہر نکال کر حملہ کیا اور چونکہ دشمن کا لشکر ٹڈیوں اور چیونٹیوں سے بھی زیادہ تھا۔ لہٰذا اُنہوں نے بادشاہ سیرت ملک محمد ناجی کو ہر طرف سے گھر لیا اور اس پر تلواروں اور نیزوں سے وار کیئے۔ یہاں تک کہ اس کو چند گہرے زخم لگے حسیں چراریو نے اس کے ہاتھ پر ایک ایسا وار کیا کہ اس کے دائیں ہاتھ کی تین انگلیاں کاٹ ڈالیں اور اس زبردست زخم کے باوجود جب تک اس نے دشمن کی صفوں کو تتر بتر نہیں کر دیا وہ پیچھے نہیں ہٹا اور شنکر خان اپنے بھائی علی خان کے روبرو (سامنے) آ گیا اور قریب تھا کہ وہ اس کو چت کر دیتا مگر بہادر خان نے تلوار کا ایسا وار کیا کہ جس نے اس کا بھیجا توڑ دیا اور شنکر خان کی پیشانی زخمی ہو گئی و راسی زخم کی وجہ سے شنکر خان کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔ چونکہ اس فتح کا اصل سبب ملک محمد ناجی تھا لہٰذا قدر دان بادشاہ نے اس کا درجہ اونچا کر دیا اور اس کو عزّت و سروری کے درجات عطا کر کے سربلند کر دیا۔

978ھ میں حسین خان کے ہونہار بیٹے ابراہیم خان کی موت کی وجہ سے تپ

دق کی بیماری اس کے شاہی مزاج پر غالب آ گئی جس کی وجہ سے وہ فوت ہو گیا اس کا دورِ حکومت آٹھ سال تک رہا۔

اس کے بعد اس کا بھائی علی خان حکمران بنا اس نے اپنے دورِ حکومت میں عدل وانصاف اوراحسان ورعیت پروری کی پوری پوری کوشش کی۔ اس کے عہد میں ملّا احمد کشمیری ملک الشعراء تھےاور یہ شعرانہی کا ہے۔

مرتضٰی آنکہ شہِ مسندِ عالی نسبی است آفتابیست کی برجِ شرفس دوشِ نبی است

ترجمہ: (حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے والد) علی المرتضٰی کرّم اللہ وجہہ ہیں جو عالی نسب کے مسند کے بادشاہ ہیں۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ) وہ آفتاب ہیں کہ جن کی شرافت کا برج نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا مبارک کندھا ہے۔

اوراس کے دور میں بادشاہوں کی نسل سے تعلق رکھنے والے حاجی حیدر خان اور سلیم خان جو نازک شاہ کے بیٹے تھے ہندوستان میں رہتے تھے اُنہوں نے پرانے عہدو پیمان کو کشمیری اُمراء کے ساتھ تازہ کر کے کشمیر کا رُخ کیا اور جب کاجڈاری سے گزر کر اُنہوں نے نوشہرہ میں ڈیرہ ڈالا تو بعض کشمیری امراء علی شاہ سے الگ ہوکر اس جماعت کے ساتھ مل گئے۔ جب علی شاہ کو خبر ہوئی تو لوہر خان ولد شنکر چکراور محمد خان ولد حبیب چک کو اور دوسرے امراء کو دشمن کو تنبیہ کرنے اور اس کے فساد کو ختم کرنے کے لئے روانہ کر دیا۔ جب یہ لوگ تھنہ کے مقام پر پہنچے تو اگر چہ کمانڈر لوہر خان تھا مگر محمد خان چالاکی، سپاہ گری، مدبّری، چالبازی اور عام قبولیت میں بےنظیر و بے مثال تھا اس نے حیدر خان اور سلیم خان کو تباہ و برباد کر دینے کا ارادہ کر لیا مگر اس نے اس راز کو اپنے

دل میں چھپائے رکھا اور لوہر خان کو قید کر کے حاجی حیدر خان اور سلیم خان کے پاس لے گیا اس واقعے کو سُن کر علی شاہ کچھ ایسا سراسیمہ اور پریشان ہو گیا کہ جس کو بیان نہیں کیا جا سکتا اور وہ حکومت سے دلبرداشتہ ہو گیا اور ملک محمد ناجی جس کی کمال عقلمندی اور مدبرّی تسلیم شُدہ تھی علی شاہ نے اس کو بلا کر اس سے پوچھا کہ اس بارے میں کیا کرنا چاہیے اور تمہارا مشورہ کیا ہے ملک محمد ناجی نے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ محمد خان چونکہ عقلمند ہے لہٰذا وہ بدنامی اور نمک حرامی کا الزام اپنے سر نہیں لے گا اور آپ دیکھو گے کہ آخر کار وہ آپ سے وفاداری کرے گا۔ چونکہ علی شاہ ملک محمد ناجی کے اچھے مشوروں اور اس کی اچھی رائے اور تدبیر کو ہزار ہا بار آزما چکا تھا لہٰذا اس نے اس کی بات کی تصدیق کی اور بظاہر اس سے معذرت چاہی مگر اندر ہی اندر سے اس نے اس کی بات کو بڑھاپے پر محمول کیا۔

الغرض سلیم خان وغیرہ نے محمد خان کے مل جانے کو غنیمت سمجھا اور جب وہ سنگ پور کے پانی کی گزرگاہ پر پہنچے تو محمد خان نے اپنے دل میں چھپائی ہوئی بدعہدی کی وجہ سے موقع پا کر سلیم خان کو اپنی بے دریغ تلوار کے وار سے قتل کر ڈالا اور حاجی حیدر خان شکست کھا کر ہندوستان کی طرف واپس چلا گیا اور محمد خان نے لوہر خان کو قید سے رہا کر دیا اور عرضداشت کر کے کشمیر کا رُخ کیا۔ محمد خان کی عرضداشت نصف شب کو علی شاہ کے پاس پہنچی (اس میں لکھا ہوا تھا) کہ آپ کے اس احسان مند نے خلوص کے ساتھ یہ سب کچھ کیا جو کچھ وہ حکومت کی خیر خواہی کے لئے کر سکتا تھا۔ اور اس مصیبت کو اللہ کے فضل سے ٹال دیا۔ اس مرتبہ علی شاہ کو معلوم ہو گیا کہ ملک محمد ناجی

انتہائی عقلمند اور دور اندیش شخص ہے اور محمد خان اور لوہر خان کے پہنچنے تک علی شاہ اتنا فکر مند تھا کہ گویا کہ حکومت اس کے ہاتھ سے نکل گئی ہے۔لیکن اگر محمد خان نے یہ کام نہ کیا ہوتا تو ملک کشمیر علی شاہ کے ہاتھ سے نکل گیا ہوتا۔علی شاہ نے اگر چہ محمد خان کو شاہانہ انعام واکرام سے نوازا لیکن وہ اکثر اس سے احتیاط ہی کرتا تھا اور اس پر پوری طرح سے نظر رکھتا تھا۔لیکن جب وہ اس کی جانب سے پوری طرح مطمئن ہو گیا تو موسمِ خزاں میں جب کہ پانی کم ہو جاتا ہے وہ کشتواڑ کی طرف روانہ ہو گیا۔اس نے تین فوجی دستوں کو تین راستوں پر متعین کیا اور خود سنگ پور کے راستے سے نکل گیا اور ابدال خان اور ایبہ خان اور علی خان نوروز چک کو نون شار کے راستے پر اور شمس الدین چک اور حیدر چک کو فوج کے ساتھ آراستہ کر کے ستہ بل کے راستے پر متعین کر دیا جب بہادر سنگھ کو یقین ہو گیا کہ وہ مغلوب ہو جائے گا تو اس نے اپنی فتح خاتون نام کی بہن کو بھیج دیا۔علی شاہ سالہا سال سے اس کے وصال کی تحریر کو اپنے دل کی تختی پر نقش کئے ہوئے تھا اس نے اس سے نکاح کر لیا اور دل میں اس کو بسائے رکھنے کے گناہ سے چھوٹ گیا اور (اس کے بعد) وہ کشمیر کی طرف روانہ ہو گیا اور کوتاہ اندیشی کی بناء پر جو کہ اہلِ کوہستان کا لازمہ ہے دوسرے سال کشتواڑ کے راجہ کے دل میں بغاوت کی خواہش پیدا ہوئی۔اس نے نافرمانی کر دی۔علی شاہ نے اپنے قابلِ اعتماد اسماعیل گنائی کو راجہ کشتواڑ کو تنبیہ کرنے کے لئے مقرر کر دیا۔اس مرتبہ بہادر سنگھ نے اپنی بیٹی شنکر دیوی علی شاہ کے پوتے یعقوب خان کے لئے دے دی اور زعفران وغیرہ اقسام سے باج اور خراج درجِ قرارِ واقعی کے مطابق دربار شاہی کو ادا کیا اور قضاء الٰہی سے علی شاہ کے دورِ

حکومت میں ایک سال موسمِ بہار کے آخر میں جب کہ دھان کی فصل ابھی کچی ہی تھی اس ملک کے باشندوں پر خدائی قہر نازل ہوا اور بڑی شدّت کے ساتھ برفباری ہوئی جس کے وجہ سے کھیت اور غلّے تباہ ہوگئے اور بری طرح سے قحط سالی ہوگئی۔

چنانچہ لوگ ایک دوسرے کو کھانے لگ گئے انصاف پسند بادشاہ کو شاہی سلسلے سے جو کچھ بطور میراث ملا تھا اس نے اس میں ایثار کیا اور اکثر فقراء و مساکین کو امراء اور وزراء میں تقسیم کر دیا اور اس نے اپنے آپ کو اور کسی بھی حکومتی کام کے ساتھ مشغول نہیں کیا اور جب یہ قحط سالی مسلسل تین سال تک جاری تو ایک رات بادشاہ آلِ رسول ﷺ سے مدد مانگنے مسلمانوں کے قبرستان کے طرف نکلا اور راستے میں زیتو چک مجذوب سے اس کا آمنا سامنا ہوگیا جس کے کرشمے اور کرامتیں مشہور تھیں۔ بادشاہ نے اس سے پوچھا کہ یہ مصیبت کب تک رہے گی؟ اس مجذوب نے جواب دیا کہ جب تک تم زندہ ہو۔ وہ یہ بات کہہ کر غائب ہوگیا۔ موسم بہار کے شروع میں بادشاہ یہ بات سن کر بہت پریشان ہوا۔ یا تو یہ میری زندگی کے کم ہی دن باقی رہنے کی خبر ہے یا قحط سالی کے دراز ہونے کا اشارہ ہے۔ موسمِ باہر کے آغاز میں جب کہ برف پگھل رہی تھی اور موسم اعتدال پر تھا بادشاہ کے کانوں میں گویا کہ یہ مضمون پہنچا۔

عمر برف است آفتاب تموز   اند کے مانده خواجہ غُرّہ ہنوز

ترجمہ: زندگی برف ہے اور اساڑھ کی دھوپ ہے، وقت بہت کم باقی رہ گیا ہے اور خواجہ ابھی بھی دھوکے میں مبتلا ہیں۔

چونکہ قحط کے زمانے میں بادشاہ کسی دوسرے کام کے ساتھ بالکل مشغول نہیں

ہوا تھا کہ سوار ہونے کی نوبت آتی۔ جب وہ سوار ہوا اور عید گاہ میں چوگان کھیلتے وقت گیند پھینکتے ہوئے وہ گھوڑے سے نیچے گر پڑا اور اس کی انتڑی کٹ گئی تو وہ تکلیف کی حالت میں وہاں سے واپس لوٹا اور 980ھ میں اس نے اپنے ہونہار بیٹے یوسف شاہ کو اپنا جانشین مقرر کیا۔ مشہور ہے کہ یوسف شاہ نے ظاہر داری کے طور پر انکار کر کے اس ساعت کے اچھا نہ ہونے کا عذر پیش کیا تھا مگر علی شاہ نے کہا یہ وقت میرے لئے اچھا نہیں ہے مگر تمہارے لئے اچھا ہے اور اس گفتگو کے بعد اس نے زندگی کی امانت خدا کے حوالے کر دی۔ اَنّاللّٰہ وَاِنّا اَلَیْہِ رَاجِعُوْنَ،

علی شاہ کی وفات کی خبر جب اس کے بھائی ابدال خان کو پہنچی تو اس نے کہا کہ میری خواہش تھی کہ مجھے اپنے بھائی سے پہلے ہی موت آ جائے مگر مصلحت خداوندی کی بناء پر میری دُعا قبول نہیں ہوئی اور اس چندروزہ زندگی کے لئے جو بھائی کی جُدائی کے غم و پریشانی میں گزر جائے عقل اجازت نہیں دیتی کہ اپنے بھتیجے کے ساتھ لڑائی جھگڑا کروں اور ابدال خان نے پکا ارادہ کر لیا تھا کہ وہ بھتیجے کے گھر جا کر اپنے بھائی کی تجہیز و تکفین میں شرکت کرے گا مگر اس کے بیٹے اور محل والوں کے اشارے سے ہم نشینوں کے ایک گروہ نے بگاڑ پیدا کر کے ابدال خان کو جنگ کرنے پر آمادہ کیا اور جس وقت ابدال خان تلاوت قرآن میں مشغول تھا فتنہ پردازوں کی تحریک سے جہانگیر لوند مسخرے نے اس کے حق میں یہ مصرع پڑھا:

ابدال زبیم جان چنگ ور مصحف

یعنی ابدال خان نے جان کے ڈر سے قرآن پاک کو پکڑ لیا ہے۔اس طرح وقت کی تنگی کی باوجود ابدال خان نے سوار ہوکر یوسف شاہ پر چڑھائی کردی اور نوہٹہ میں فریقین کا آپس میں آمنا سامنا ہوا۔ صفیں درست کرتے وقت ابدال خان ایک تفنگ کا نشانہ بن گیا اور ایسے سخت زخم کے باوجود اس نے سید مبارک خان کی فوج پر حملہ کردیا اور ابدال خان کے ڈر سے مبارک خان کی فوج کی صف اس طرح تتر بتر ہوگئی کہ جیسے وہاں کوئی انسان تھا ہی نہیں۔مگر چونکہ اس کا زخم بہت سخت تھا لہٰذا وہ گھوڑے سے نیچے گر پڑا اور شریعت پناہ قاضی موسیٰ اس کی نعش کو اُٹھا لے گیا اور اس کے باپ کے پاس اس کو دفن کردیا اور سب لوگوں پر واضح ہوگیا کہ ابدال خان کی دُعا ریاء ونمود سے خالی تھی کیونکہ وہ اپنے بھائی سے پہلے ہی قبر میں پہنچ گیا اور دوسرے دن یوسف شاہ نے پوری شان وشوکت کے ساتھ اپنے باپ کے تابوت کو اُٹھا کر اپنے دادا کے پہلو میں سپردِ خاک کردیا اور اُس روز اس نے سونے چاندی کے سکوں پر اپنے نام کی مہر ڈلوادی اور اپنے نام سے خطبہ پڑھا۔

چنیں گفت دیوانۂ ہوشیار — چو دیدش پسر روزِ دیگر سوار
زہے ملکِ دُنیائے سردر نشیب — پدر رفت وپائے پسر درر کیب
چنیں است گردیدنِ روزگار — سبک سیر و بد عہدو نا پائیدار
منہ بر جہان دل کہ بیگانہ ایست — چو مطرب کہ ہر روز در خانۂ ایست
نہ لائق بود عیش با دلبرے — کہ ہر بامدادش بود شوہرے
اگر نیک ور بدکنی با فقیر — ہمیں پنج روزت بود داروگیر

ترجمہ: یوں کہا ایک ہوشیار دیوانے نے جب اس کو دوسرے دن لڑکے نے سوار دیکھا۔ کیا خوب ہے یہ دنیا کی حکومت جو روبزوال ہے باپ چلا گیا اور بیٹا بھی پابرکاب ہے۔

زمانے کی گردش بس ایسی ہی ہے کہ وہ تیز رفتار بدعہد اور ناپائیدار ہے۔ دنیا سے دل مت لگا کیونکہ یہ اپنی نہیں۔ اس گویےّ کی طرح جو ہر روز کسی دوسرے گھر میں ہوتا ہے۔

ایسی دلبر کے ساتھ زندگی گزارنا مناسب نہیں کہ ہر صبح کو جس کا کوئی اور شوہر ہو۔ تو فقیر کے ساتھ اچھائی کرلے یا برائی، تیری پکڑ دھکڑ بس پانچ دن کی ہے۔

اس مرتبہ یوسف شاہ کی حکومت ایک چلّے تک رہی۔ ابدال خان کے فوت ہوجانے کے بعد یوسف شاہ کی بادشاہت میں کوئی اور شریک باقی نہیں رہا لہٰذا اس کے دماغ پر کبر وغرور سوار ہوگیا اور وہ کسی کو بھی کوئی حیثیت نہ دیتا۔ وہ اپنے اکثر اوقات گانے والی عورتوں، قوالوں وغیرہ کے ساتھ گزارتا۔ اسی وجہ سے یہاں کے باشندوں کے دل کا ڈر نکل گیا اور وہ یوسف شاہ کو برباد کرنے اور اس کو معزول کرنے پر کمر بستہ ہوگئے اور چکوں کا ایک گروہ مثلاً لوہر خان وغیرہ سید مبارک خان کے گھر میں جمع ہوا جو بادشاہ علی شاہ کے بڑے وزیروں میں سے تھا اُنہوں نے یوسف شاہ کو معزول کردینے کی رائے دی چونکہ سید مبارک کو علی شاہ کے حقِ پرورش کا خیال تھا لہٰذا وہ اس رائے سے متفق نہیں تھا مگر اس نے اپنی جان کے ڈر سے اس پر رضامندی ظاہر کردی۔ اس کے بعد ان لوگوں نے سوار ہوکر عیدگاہ میں لڑائی کا جھنڈا لہرایا اور یوسف شاہ بھی جنگ

کرنے کے ارادے سے زالڈگر میں جا کر کھڑا ہوا اور ملک ناجی سے اس بارے میں مشورہ طلب کیا۔ اس نے کہا کہ داد و دہش اور انعام کے وعدے کے ساتھ لوگوں کی تعداد بڑھا کر دشمن اور اس کی فوج کو تتر بتر کرنا چاہیے تاکہ سارے لوگ مطیع و فرمانبردار بن جائیں۔ یوسف شاہ نے اپنے کمینہ پن کی وجہ سے ان باتوں کا کوئی اعتبار نہیں کیا اور محمد خان اور حبیب خان کو ایک زبردست فوج دے کر ان کے خلاف روانہ کر دیا اور ملک محمد ناجی نے تاکید و احتیاط کے طور پر یوسف شاہ کو محمد خان وغیرہ کے دشمن کے خلاف روانہ کرنے سے منع کیا۔ مگر بدبختی کو ٹالا نہ جا سکا اور جب سید مبارک خان نے سنا کہ یوسف شاہ نے ملک محمد ناجی کے مشورے کے خلاف قدم اُٹھایا ہے تو وہ خوش ہوا اور اس نے اپنے ساتھیوں کو تسلّی دی کہ ہمیں فتح نصیب ہوگی اور جب محمد خان وغیرہ نواکدل کے پل سے پار ہو گئے اور ابھی پورے لشکر نے دریا پار نہیں کیا تھا کہ سید مبارک خان اور لوہر خان نے ایک بڑی جماعت کے ہمراہ دشمن پر چڑھائی کر دی۔ اس معرکے میں بہت سے لوگ مارے گئے ان میں سے علی ملک چک جس کا تخلص سپاہی تھا اور محمد ملک چاڈورہ جس کا تخلّص برزمؔی تھا یہ دونوں دو برجستہ مصرعوں کی طرح ایک دوسرے سے مل گئے اور جب تک ان کی زندگانی کا گھر ویران نہ ہوا تب تک یہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوئے اور یہ شعر علی ملک چک کے وراداتِ طبع سے ہے ؎

ترا نہ تکمہ سرخ است برقبائے حریر   کہ گشت قطرۂ خونِ منت گریبان گیر

ترجمہ:-تمہارے ریشمی قباء میں سرخ بٹن نہیں ہے جس کی وجہ سے میرے خون کا قطرہ تمہارا گریبان گیر ہو گیا ہو۔

اور یہ شعر ملک محمد کا نتیجہ فکر ہے۔

تیر مژگانِ تو از جوشنِ جان میگذرد آرے این تیر بزورِ دوکمان میگذرد

ترجمہ: - تیری پلکوں کا تیر رگِ جان سے پار ہوجاتا ہے۔ہاں یہ تیری دو کمانوں کی طاقت سے پار ہوتا ہے۔

اور اس جنگ میں بہت سے نڈر جوان نیست و نابود ہو گئے ان میں سے ملک محمد ناجی کا سب سے چھوٹا بیٹا محمد قاسم بھی تھا جس کی عمر ابھی بیس سال تھی اور اس کے چہرے پر ابھی داڑھی نہیں اُگی تھی اس نے اس جنگ میں گیارہ کاری زخم کھائے اور ایک ہفتے کے بعد زندگی کی امانت لذتوں کو ختم کر دینے والی موت کے حوالے کردی۔ جب یوسف شاہ چک کو شکست ہوگئی تو اس نے شاہی تخت و تاج کو ملک محمد ناجی اور شریعت پناہ قاضی موسیٰ کے ذریعے سید مبارک خان کے پاس بھیج دیا اور خود ہندوستان کا رُخ کیا اور ملک محمد ناجی نے اپنے پیارے بیٹے کے رنج و غم میں چالیس دن کے بعد نماز فجر ادا کر کے سجدۂ شکر کی حالت اپنی جان جان کے پیدا کرنے والے خُدا کے حوالے کردی۔

''افصح المتکلّمین''مولانا محمد امین مستغنی نے اس کی تاریخِ وفات ''شیخ سپاہی'' 988ھ نکالی۔اور 988ھ میں سید مبارک خان نے اپنی بادشاہت و نیک بختی کا جھنڈا لہرایا۔اس کی حکومت دو ماہ پندرہ روز تک رہی اور اس دوران یوسف شاہ نے تھنہ کے مقام پر قیام کیا اور جب وہاں کا موسم گرم ہوگیا اور لوگ سید مبارک خان کی بدسلوکی سے تنگ آ گئے تھے اور اپنے کئے ہوئے پر پشیمان تھے لہٰذا اُنہوں نے مجبوراً یوسف شاہ

کو صلح آمیز خط لکھے اور اُنہوں نے نئے سرے سے اس کے ساتھ عہد و پیمان کیا اور اس کو بڑی سخت قسم کی قسموں کے ساتھ مضبوط کیا۔ یوسف شاہ تھنہ سے واپس آیا اور اس نے دیوہ سر پرگنہ میں اُس اُمید کے ساتھ ڈیرہ ڈالا۔

بنا اُمید ازین در مرو بزن فالے بود کہ قرعۂ دولت بنام ما اُفتد

ترجمہ:- اس در سے نا اُمیدی کے ساتھ مت چلے جاؤ بلکہ قسمت آزمائی کرلو ہوسکتا ہے کہ دولت وحکومت کا قرعہ ہمارے نام نکل آئے۔

☆☆

بشیر بھدرواہی

قدیم مملکتِ بھدرواہ کا فقیدُ المثال تمدّنی ورثہ

دراصل زمانۂ حال کا خطّۂ ڈوڈہ یعنی وادیٔ چناب قدیم زمانے میں بشمول علاقۂ ڈنگ، بٹل، دو آزاد اور خود مختار ریاستوں پر مشتمل تھا۔ جس میں ایک ریاستِ کشتواڑ تھی جو مڑواہ، واڑون، دچھن، کانتواڑہ، سرتھل، زانسکار اور بونجواہ کے علاوہ ڈوڈہ، سراج اور بانہال پر مشتمل تھی۔ دوسری قدیم ریاست ''بھدرواہ'' یا ''بھدروکاس'' کے خطے پر محیط تھی جس میں موجودہ تحصیلِ بھدرواہ، موجودہ تحصیلِ گندو (بھلیس) موجودہ ٹھاٹھری اور موجودہ تحصیلِ ڈوڈہ کے کھسال، گالیاں اور رگن کے علاوہ موجودہ تحصیل رام بن اور بنوٹ کے علاقے شامل تھے۔ ۱۹۸۱ء میں بھدرواہ تحصیل تین تحصیلوں میں تقسیم کی گئی اور یہ قدیم مملکت جو کبھی کاہل جگاسر) بھلیس کی حدِ انتہا) سے علاقۂ مرمت تک پھیلی ہوئی تھی، سکڑ کر ''بھدرواہ سے بھالا'' اور تھنالہ اور چنستہ سے رُنتا تک محدود ہوکر رہ گئی ہے۔

''قدیم مملکت بھدرواہ'' ایک پہاڑی اور دور افتادہ ریاست ہونے کی وجہ سے جموں اور کانگڑہ جیسی ہمالیائی ریاستوں میں زمانۂ قدیم سے ہی ایک مُنفرد اور الگ

شناخت رکھتی تھی۔ برف پوش پہاڑوں اور یخ بستہ ان وادیوں کے پہاڑی اور نشیبی سلسلے سطحِ سمندر سے بالترتیب ۱۲۰۰۰ فٹ اور ۱۵۰۰۰ فٹ تک کی بلندیوں کے درمیان واقع ہیں۔ ان وادیوں کے حیوانات، نباتات، قدرتی مناظر، خاموش، جداگانہ اور دلفریب فضائیں، پُرسکون سیر گاہیں اور چراگاہیں ان میں قسم قسم کے جنگلی جانور اور نغمہ ریز چرند و پرند، برف پوش پہاڑی چوٹیوں کے درمیان ٹھنڈے اور شفاف پانی کی جھیلیں (جو کئی کئی ماہ تک یخ بستہ رہتی ہیں) گھنے جنگلوں کے دلپذیر اور قدرتی سلسلے، صاف وشفاف ندی نالے اور چشمے اور خوشنما خودرو اور رنگا رنگ صحرائی پھولوں کے حسین و جمیل چمن زار، اور بیش قیمت جڑی بوٹیوں سے بھرے پڑے کوہسار اور نشیبی حصوں میں دھان کے لہلاتے ہوئے سرسبز وشاداب کھیت اور ان کو سیراب کرنے والی لاتعداد بل کھاتی ہوئی نہریں اور پگڈنڈیاں، موسموں کا معجزانہ تغیر کسی بھی سیاح یا آنے والے صاحبِ نظر کو دعوتِ نظّارہ دیکھ کر اپنی طرف کھینچ کر حیرت، تحیّر اور شادمانی کے سمندر میں غوطہ زن کر دیتے ہیں۔ وادیوں کی کھوکھ میں چُھپے ہوئے معدنیات کے خزانے، چٹانوں اور پتھروں کی متعدّد قسمیں، قدرت کی بخشی ہوئی انوکھی قسم کی رعنائیاں، ماہرینِ ارضیات، ماہرینِ نباتات اور جغرافیہ دانوں اور حسنِ فطرت کے شیدائیوں کے علاوہ سیّاحوں کو ہمیشہ سے ہی اپنی طرف کھینچتی آئی ہیں۔ یہ وادیاں واقعی اُن ماہرین کے لئے عجائب گھروں کے مُترادف رہی ہیں۔

بھدرواہ کی حسین وادی ہمیشہ بیرونی سیّاحوں انگریز پادریوں، تذکرہ نگاروں اور چند ایک معروف مؤرخین کے لئے اپنے فطری حُسن و جمال اور قدیم تہذیبی، ثقافتی

اور تاریخی ورثے کی رنگا رنگی کی وجہ سے دلچسپی کا باعث رہی ہے۔ اس کی سیاحت کرنے اور اس کے کچھ کچھ سیاسی جغرافیائی، تمدّنی اور اقتصادی حالات لکھنے کا شرف جن اصحاب کو حاصل ہوا ہے ان میں تاریخِ کشمیر کے ایک عظیم مؤرخ پنڈت کلہن، مشہور انگریز سیّاح جی، ٹی وائن، یورپی نژاد سیّاح فریڈرک ڈریو، ریاست چمبہ کے دو انگریز پادری ووگل اور ہیچی سن، یورپی تذکرہ نگار چارلس ایلی سن بیٹس اور کچھ ریاستی اور مقامی مؤرخین اور تذکرہ نگار شامل ہیں جن میں عشرت کشتواڑی، ڈاکٹر پریتم کرشن کول، پروفیسر ٹھاکر، اُودھے چند، ٹیک چند کوتوال، اسیر کشتواڑی، دونی چند شرما، موہن لال آش، محمد اقبال سرتاجؔ، غلام رسول چوگانی، راقم الحروف بشیر بھدرواہیؔ قابلِ ذکر ہیں۔ ان کے علاوہ دیوان نرسنگداس نرگس، جی این گنہار سنگھ دیو چاڑک اور کاہن سنگھ بلوریہ کے علاوہ ناصر فریدیؔ اور مولوی حشمت اللہ خان لکھنوی جیسے مؤرخین نے بھی حتی المقدور تواریخ بھدرواہ کے لئے اپنی کتب میں قابلِ قدر مواد فراہم کیا۔

راقم الحروف (بشیر بھدرواہی) نے قدیم اور عظیم مملکت بھدرواہ کے مختلف علاقوں کی منفرد ارضیاتی، تواریخی، سیاسی، ادبی، سماجی، سیاحتی، تعلیمی، موسمی، پیداواری، نباتاتی، معدنیاتی، قانون سازی اور عسکری وارداتوں جیسے اہم گوشوں کے علاوہ اس کے لاثانی ثقافتی و تمدّنی ورثے پر، کئی سال کی تحقیق کے بعد کچھ اہم نتائج اخذ کئے ہیں۔ جن کی ذیلی عنوانات کے تحت شیرازہ بندی کی گئی ہے۔

اس مضمون کے عنوان کے تحت سر دست اس کے ایک بہت اہم اور فقید المثال ثقافتی اور تمدّنی ورثے کے مختلف پہلوؤں پر بڑے اختصار سے ''پہلی قسط'' کے

طور پر روشنی ڈالی جائے گی۔ کیونکہ یہ مضمون اتنے تواریخی گوشوں کا احاطہ کرنے کا متحمل نہیں جس کا اندازہ قارئین کو ذیلی عنوانات کی اتنی بڑی تعداد سے ہی لگ سکتا ہے۔

(۱) رہن سہن :- اس میں بھدرواہ کے لوگ، ان کی ظاہری شکل وصورت اور باطنی سیرت، ان کے تہذیبی اور معاشرتی اوصاف، جذبۂ یک جہتی، سماجی اور سیاسی شعور، مختلف ثقافتی تقاریب یعنی میلوں، موسمی تہواروں اور تفریحی مشاغل میں دلچسپی، ان کی ذہنی صلاحیتیں وغیرہ۔ لوگوں کے پیشے، گھریلو دستکاریاں اور نجی کاروبار، مذاہب، فرقے اور ذاتیں، دیگر قبائل، ان کے رہن سہن کے اچھوتے سٹائل، سماجی دھندے، زیورات، لباس، خوراک۔ عام بھدرواہی لوگوں کا لباس وغیرہ۔

(۲) راجواڑہ کے قدیم رسم ورواج، شادی بیاہ کی تقریبات (مختلف قوموں اور فرقوں کے حوالے سے) بچے کی پیدائش پر مختلف اور منفرد رسم ورواج، عقائد، بچے کا ختنہ، رسم جنیو، اموات سے جُڑی رسومات، برتن، لوک عقائد اور توہم پرستی، ناگوں کے بارے میں عقائد، شادی بیاہ سے جُڑے عقائد، مہمان نوازی، سفر پر جانے سے متعلق عقائد اور توہّماتی رسمیں۔

(۳) مملکتِ بھدرواہ کے ثقافتی، معاشرتی اور مذہبی رنگ، میلے، تہوار، لوک ناچ، تیرتھ اور یاترائیں۔

(ا) میلے: میلہ پٹ اور اس کا تواریخی پسِ منظر، میلہ سُبھار دھار، میلہ بھیجہ جاگرم، رہو شری میلہ۔

(ب) تہوار:- تہوار کنچوتھ، دھرم دیوس، مکر سنکراتی۔

(پ)لوک ناچ: ڈھکوناچ، ڈھولک ناچ، گھورائی ناچ وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

(ت)یاترائیں اور قدیم تیرتھ استھان: -کیلاش یاترا اور اس کا تاریخی پسِ منظر۔سونہ بائیں کی یاترا، چھوٹی منی مہیش کی یاترا۔

(۴)فنونِ لطیفہ یا فائن آرٹس: فنِ سنگتراشی اور مُجسّمہ سازی، فنِ مصوّری اور پینٹنگ، فنِ تعمیر، فنِ موسیقی۔

(۵)شعروادب: -لسانی منظرنامہ۔بھدرواہی زبان، بھدرواہی زبان کا تخلیقی ادب، بھدرواہی زبان کا تحقیقی ادب، اردو زبان و ادب، اردو کا شعری ادب اور معروف شعراء، اردو کا نثری ادب اور مشہور نثر نگار۔ فارسی زبان و ادب، کشمیری زبان میں شعری، نثری اور تحقیقی ادب، ہندی زبان اور ادب، پنجابی زبان وادب، گوجری زبان و ادب، ڈوگری زبان وادب، فنِ خطّاطی وخوشنویسی۔اردو صحافت اور اخبار نویسی، کالج میگزین، سکول میگزین، اردو افسانہ نگاری۔

(۶)قلعہ بھدرواہ تاریخی ورثہ: -قلعہ بھدرواہ کا تاریخی پسِ منظر۔ بھدرواہ سے قیدیوں کی منتقلی اور قلعہ کی تجدید کاری۔بھدرواہ کے دیگر قدیم قلعے۔

(۷)مملکت بھدرواہ کی مساجد اور منادر: بھدرواہ کا ناگ کلچر، مملکت کی مشہور و معروف زیارت گاہیں۔

(۸)بھدرواہ......ترقی کے چند اور زینے

مملکت بھدرواہ میں تعلیمی پیش رفت (۱) ڈوگرہ دورِ حکومت میں (۲) عوامی دور میں۔

(۹) بجلی کی پیدوار(۱) پاور ہاؤس سرتنگل بھدرواہ۔(۲) نئے منصوبے۔

(۱۰) ریاست جموں وکشمیر میں قانون ساز اداروں کا ارتقاء اوران میں بھدرواہ اور بھلیس وغیرہ علاقوں کی نمائندگی۔

اس مقالے کے متعدّد ذیلی عنوانات کی تعداد صحافت، جسامت وسعت اور نیرنگی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہم سردست پہلی قسط کے طور پر ''مملکتِ بھدرواہ کے ثقافتی، معاشرتی اور مذہبی رنگ'' کے پہلوؤں پر ہی اظہار خیال کریں گے۔ جس میں یہاں کے میلے، تہوار، لوک ناچ، تیرتھ اور یاتراؤں وغیرہ کا خلاصہ پیش کیا جائے گا۔ جس سے تمام شمالی ہمالیائی ریاستوں میں اس کے تمدّنی ورثے کی جداگانہ اور منفرد حیثیت کسی حدتک واضح ہوجائے گی۔ مقالے سے جُڑے ہوئے باقی ماندہ اجزاء اور حصوں کو ان شاءاللہ بالترّتیب مختلف اقساط میں تحریر کرکے قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی جس سے اس قدیم مملکت کے تمدّنی ورثے کی مکمل تصویر اُبھر کر سامنے آجائے گی۔ جو تاریخ وثقافت سے وابستگی رکھنے والی آئندہ نسلوں اور محققین کے لئے مُفید اوردلچسپی کا باعث ہوگی۔ یہ ایک تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ جہاں ہماری تاریخ زیادہ تر بادشاہوں، راجوں، مہاراجوں، نوجوانوں کی عیاشی کی داستانوں اورعوام پر ڈھائے گئے مظالم اور مصائب کے لرزہ خیز قصّوں اور کہانیوں کی عکاسی کرتی ہے تو وہیں ہمارے تمدّنی اورتہذیبی وراثت سے جُڑے ہوئے اجزاء اور بیشتر پہلو اورانسانی جذبے، اس علاقے کی آبادی کے بڑے حصے کو مختلف تہواروں، میلوں، یاتراؤں، تیرتھوں، درگاہوں، زیارتوں کے علاوہ لوک گانوں، لوک کہانیوں کی تقریبات سے

لطف اندازکر کے خوشیوں اور مسرّ توں، قلبی سکون اور روحانی آسودگی سے ہمکنار کرتے ہیں جس سے آپسی بھائی چارے اور آپسی پیار ومحبت کے فطری جذبات اُستوار ہونے میں مدد ملتی ہے۔

راجواڑہ شاہی بھدرواہ کے لوگ......ایک تعارف:

قدیم مملکتِ بھدرواہ جہاں اپنی خوبصورتی اور قدرتی حُسن کے اعتبار سے یکتائے روزگار ہے اور صنّاعِ ازل کے حُسنِ صنعت گری کا نہایت ہی حسین وجمیل مرقّع ہے۔اس پیکرِ جمیل کے باشندے ''کاہل جُگاساز'' بھلیس سے مرمت علاقے کی سرحدی اونچائیوں تک اپنی ظاہری شکل وصورت اور باطنی سیرت، خلوص ومحبت اور سادہ لوحی کے لحاظ سے بھی حسین تر ہے۔ بھدرواہ کے لوگ نہایت ہی مہذّب، شائستہ، خوش مزاج، خوش اخلاق، ذہن وفطین، دوراندیش، مہمان نواز، انسان دوست، شریف الطبع، وعدے کے پکے اور جذبۂ رواداری سے سرشار ہیں۔ وہ خداترسی اور مذہبی قسم کے لوگ ہیں۔ان کی سادگی اور ایثارشعاری ریاست بھر میں مشہور ہے۔

وہ زمانۂ قدیم سے ہی بڑی آزمائشوں کے وقت اپنی مملکت کی حفاظت کرنے اور حملہ آوروں کو شکستِ فاش دینے میں بڑی بہادری، حُبّ الوطنی اور دلیری کا مظاہرہ کرتے آئے ہیں۔ بقولِ چارلس ایلی سن بیٹس ''اس پہاڑی علاقہ کے لوگ عام طور پر اعلیٰ نسل سے تعلّق رکھتے ہیں جو کردار کے لحاظ سے اپنی سادہ لوحی اور خوش مزاجی کے طفیل بہت ہی اونچے معیار کے لوگ ہیں۔

(بحوالہ گزٹیر آف کشمیر)

بھدرواہی لوگوں کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ ''محنت ومشقت میں آبرومندی'' کے سُنہرے اصول کے کاربند رہتے ہیں۔اور ہر قسم کا کام کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں'' اس کا ثبوت یہ ہے کہ یہاں کا ہر شخص خواہ وہ کتنا ہی پڑھا لکھا ہو، کتنے ہی بڑے عہدے پر فائز ہو یا رہا ہو وہ ہمیشہ ہل بیل اور کُدال لے کر اپنے کھیت کھلیان میں کام کرتے ہوئے نظر آئے گا۔اس لحاظ سے وہ خود اعتمادی اور خودداری کے جذبے سے سرشار ہیں۔ یہاں کی خواتین بھی مردوں کے شانہ بشانہ کام کرتی ہیں اور کام کرنے میں خوش رہتی ہیں۔ان کی دوسری صفت جو نہایت ہی قابلِ ستائش ہے، یہ ہے کہ وہ ناخواندگی کے سخت خلاف ہیں۔وہ اپنے بچوں کو تعلیم دلانے میں کوئی کوتاہی نہیں برتتے ہیں۔ یہاں کی خواتین کی شرح خواندگی ریاست ضلع ڈوڈہ (غیر منقسم) کے شرح تناسب سب زیادہ ہے۔وہ لوگ فرقہ پرستی کے خلاف نبرد آزمارہے ہیں۔ کچھ بیرونی فرقہ پرست لوگوں نے ۱۹۴۷ء کے دوران یہاں کے بھائی چارے کو زخ پہنچانے کی بڑی کوشش کی تاہم یہاں کے بزرگوں نے حالات کو جلد ہی قابو میں لاکر قدیم بھائی چارہ، یکجہتی اور باہمی اعتماد کے جذبے کو بحال کیا۔ یہاں کے لوگ پوری مملکت بھدرواہ کی ترقی اور لوگوں کے فلاح وبہبود کے لئے بلا لحاظ مذہب وملت یا کسی سیاسی نظریئے کے، ایک جُٹ ہو کر کوشاں رہتے ہیں۔ان میں سیاسی سوجھ بوجھ بدرجہ اَم موجود ہے۔ملکی اور ریاستی سیاست میں ان کا رول قابلِ ستائش رہا ہے۔

یہاں کے لوگ (خصوصاً ہندو فرقے سے تعلق رکھنے والے) عام طور پر ناچ، نغمے کے شوقین ہیں اور سال بھر مذہبی، موسمی تہواروں، میلوں، ٹھیلوں کی رنگ برنگی

تقاریب میں شرکت کرتے ہیں۔ عام بچوں میں کھیل کود اور دوسری جسمانی سرگرمیوں میں شریک ہونے کا بڑا جذبہ پایا جاتا ہے۔ لوگ تفریحی مشاغل میں حصہ لینے کے بڑے شوقین ہیں اور دنگل اور کُشتی دیکھنے اور سیر سپاٹے کے دلدادہ ہیں۔ سب لوگ حفظانِ صحت کے اصولوں کے کاربند رہتے ہیں۔ قدرت نے انہیں خوب صورتی اور خوب سیرتی کی نعمتوں سے نوازا ہے۔ اور مختلف قسم کی ذہنی صلاحیتوں سے بھی۔ یہاں کے سبھی باشندے اچھی خوراک کھانا پسند کرتے ہیں۔

(قسط:۱)

بھدرواہ کے مشہور معاشرتی اور مذہبی رنگ:

میلے، تہوار، لوک ناچ،، تیرتھ یاترائیں:- بھدرواہ کا عظیم وقدیم راجواڑہ دیگر ہمالیائی ریاستوں اور راجواڑوں کی بہ نسبت قدیم زمانے سے ہی اپنے مقامی میلوں، تہواروں اور لوک ناچوں اور گیتوں کی دلکشی، رنگا رنگی اور ان کی منفرد شناخت اور حیثیت اور ان کی آج تک برقراری کے لئے مشہور زمانہ رہا ہے۔ یہ میلے، تہوار اور ناچ وغیرہ اپنی تفریحی خوبیوں کے حامل ہونے کے علاوہ موسموں کے تغیّر و تبدُل کے مطابق مقامی طور پر سماجی اور مذہبی رسومات کے مربوط اور منصوبہ بند سِلسلوں سے جُڑے ہوئے ہیں۔ ساز وسنگیت کی مقامی دھنوں ور ڈھول ڈھمکّے کے مسحور کن آوازوں اور مخصوص قسم کے بجائے جانے والے آلاتِ موسیقی کی عنّایت بھری خوش کُن سُروں سے ہر موسم میں ایک نیا اور دلپذیر ماحول بندھ جاتا ہے جو نہایت ہی فرحت بخش اور روح پرور ہوتا ہے۔ اس پر طرّہ یہ کہ نئی اور رنگ برنگی پوشاکوں میں ملبوس نئے بیاہتا

جوڑے، مرد و خواتین اور بچے مقررہ تاریخوں پر اپنے اعزاء اقربا سے ملنے اور اُن کو بدھائی (مبارک باد) دینے کے ساتھ ساتھ وہاں کی یاتر اجسے مقامی زبان میں ''جاٹلا'' کا نام دیا گیا ہے، میں شریک ہونے کے لئے ایک قریہ سے دوسرے قریہ اور ایک علاقے سے دوسرے علاقے کی طرف قطار در قطار کوچ کرتے ہیں۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس مملکتِ قدیم کے ہر گاؤں اور قصبے میں ایک نیا تہذیبی انقلاب رونما ہوا۔ یہاں کے لوک گیتوں اور لوک ناچوں میں آپسی بھائی چارے، پیار و محبت اور دیش بھگتی کے پیغام کا بھرپور مظاہرہ ہوتا ہے۔ ان ہی منفرد نیرنگیوں کی وجہ سے بھدرواہ کو ''میلوں اور تہواروں کی بہشت'' کہا گیا ہے۔

''کڈ'' کے نام سے موسوم یہ تہوار اور میلے سال بھر منائے جاتے ہیں۔ ماہِ اگست کے اواخر پر کچھ یاتراؤں کا موسم ایک سلسلہ وار اور مرحلہ وار طریقے سے شروع ہو کر کئی ماہ تک جاری رہتا ہے۔ ان کو کسی ''ناگ دیوتا'' یا ''دیوی'' سے نسبت ہے ان کی عقیدتمندی کے طور پر یا کسی بزرگ کے دلیرانہ کارنامے کو یاد کرنے یا کسی سماجی تقریب یا خوشی مسرّت کے موقع پر بڑی گرمجوشی اور دھوم دھام سے منعقد کیا جاتا ہے۔ ان میں سے بہت سے تہوار رات کے وقت منائے جاتے ہیں۔ ان تہواروں اور میلوں کی بدولت لوگوں کی فطری ماحول کے ساتھ وابستگی موسمی بدلاؤ کے ساتھ اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

جیسا کہ پہلے ہی ذکر کیا جا چکا ہے کہ بھدرواہ اپنے پہاڑی سلسلوں، دور افتادگی اور پچھڑے پن اور باقی علاقوں سے سڑکوں کی عدم موجودگی کی وجہ سے بیسویں صدی کی پانچویں دہائی تک ملک کے باقی حصوں سے الگ تھلگ ہی رہا تاہم وادئ

کشمیراور کچھ قریبی ریاستوں سے ہجرت وغیرہ کے دوران ساتھ لائے ہوئے کچھ سماجی اور مذہبی عقائداورلوک ادب یالوک ناچ وغیرہ پرکسی دوسری تہذیب کے اثرات زیادہ حد تک نہ پڑ سکے۔ اور ان ثقافتی دھاراؤں میں ان کی اپنی انفرادیت آج تک برقراررہی۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ یہاں کے تقریباً سب میلےاورتہوار عام طور پر''نا گ دیوتاؤں'' کی عقیدت کے گرد گھومتے نظر آتے ہیں۔لوک ناچوں اورلوک گیتوں میں بھی یہ اعتقاد جھلکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ان میلوں وغیرہ کی اپنی سادگی ، رنگارنگی ، دلکشی اور یہاں کے مخصوص اور مقامی تخلیقی عمل نے انہیں ایک پہچان عطا کی ہے۔جس کا مقابلہ یا موازنہ کسی دوسری جگہ کے پہاڑی تہواروں،میلوں،لوک ناچوں یالوک گیتوں کے ساتھ نہیں کیا جاسکتا۔یہی وجہ ہے کہ ان کے معاصرانہ اثر سے ہر دل مسروراور محظوظ ہوا جاتا ہے۔ یہ مشہور میلے یا تہوار سبھار دھار واسک ڈیرہ، گاٹھ مٹھولہ،ملوٹھی،ظروُن، جوڑہ ، رینکھا،فتھلہ،چیکہ،بھیجہ (بھلیس) گوالو(بھلیس) چیکو،پھکسُو ، (ٹھاٹھری) ناندنہ (ٹھاٹھری)اورکھڑانگل (بھلیس) میں منعقد کئے جاتے ہیں۔

میلہ پٹ:-بھدرواہ کے میلوں میں سب سے امتیازی اوراعلیٰ مقام صدیوں سے منعقد کئے جانے والے میلے موسوم بہ''میلہ پٹ'' کو حاصل رہا ہے۔ بھدرواہ کے کھکھل محلّہ میں واقع ایک وسیع میدان میں ایک وقت پال راجوں کے شاندار محل ہوا کرتے تھے۔ یہ میلہ ہرسال ناگ پنچمی کے دن یہاں منعقد کیا جاتا ہے جو مسلسل تین دن تک جاری رہتا ہے،''کیلاش یاترا'' کے دس پندرہ دن کے بعد یہ میلہ بڑے دھوم

دھام سے منایا جاتا ہے۔ جو عام طور پر اگست یا ستمبر کے مہینوں کے دوران منعقد ہوتا ہے۔ واسک ناگ کی نسبت سے اس جگہ کو ''واسک ڈیرہ'' کہا جاتا ہے۔ ان تینوں دنوں میں یہاں پر لوگوں کا ایک ہجوم جمع ہوتا ہے۔ اس تہوار میں لوگ بلالحاظِ مذہب شریک ہوتے ہیں (کچھ واسک ناگ کی عقیدت سے اور کچھ تفریح کے طور پر) ہندو مرد، عورتیں اور بچے رنگ برنگ لباسوں میں ملبوس ہوکر میلے میں شامل ہوکر لُطف اندوز ہوتے ہیں۔ بھدرواہ، بھلیس اور دراب پرگنوں کے لوگ میلے میں ایک ساتھ شریک ہوتے ہیں۔ میلہ ہر روز ۴ بجے شروع ہوتا ہے اور سورج غروب ہونے پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔

ایک صحت منداور طاقتور شخص کے سر پر ریشمی کپڑے کا ''پٹ'' اور جھاسی ایک تنگ گردن والا تانبے کا برتن) کے ساتھ مخروطی شکل کے وزان دار سر پوش کے ارد گرد سینکڑوں قسم کے رنگ برنگ کپڑوں کے ٹکڑوں سے مزیّن کر کے رکھا جاتا ہے۔ یہ شخص لوگوں کے گھیرے میں ناچ کے کچھ پھیرے لگاتا ہے۔ اس مخصوص آدمی کو ''پٹ'' کے ساتھ راج گُرو کے گھر سے موسیقاروں کے جلوس میں کھکھل کے میدان میں لایا جاتا ہے۔ ناچ کے کچھ پھیرے لگانے کے بعد اُسے دم لینے اور تھوڑا سا آرام کرنے کے لئے ایک مخصوص اشارے کے ذریعہ روکا جاتا ہے اور کوئی دوسرا آدمی یا بہت سے آدمی اُس پٹ کو اُوپر اُٹھا لیتے ہیں۔ تھوڑے سے آرام کے بعد وہ آدمی پھر ''پٹ'' کو اُٹھاتا ہے اور چکر دینا شروع کرتا ہے۔ پٹ کے یہ رنگین چکر اور گھیرے میلے کے اختتام تک جاری رہتے ہیں۔ اس دوران ''ناگ دیوتا کی جے'' اور سچے دربار کی جے کے نعرے

بلند کئے جاتے ہیں اور دیوتا کی تعریف میں کچھ مقامی گیت بھی گائے جاتے ہیں اور لوگ پھولوں کی پتیاں پٹ پر ڈالتے رہتے ہیں۔اس ناچ میں کام کرنے والے شخص کو چیلا کہا جاتا ہے۔ بھدرواہ یا چمبہ کے راجاؤں یا ڈوگرہ راج کے دوران اس میلے کو مقامی انتظامیہ سرکاری طور پر مناتی تھی اور سبھی اخراجات بھی سرکار ہی ادا کرتی تھی لیکن ۱۹۷۲ء کے بعد یہ میلہ مقامی لوگوں کے عطیّات سے جمع کی ہوئی رقم سے ہی منعقد ہوتا ہے اور میلے کے دوران بھدرواہ کے سرکاری اور تعلیمی اداروں میں دو دن تک تعطیل رہتی ہے۔

''پٹ میلے کا'' تاریخی پسِ منظر:

قرونِ وسطیٰ سے چلے آرہے اس میلے کی شروعات کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ شہنشاہِ اکبر (۱۵۵۶ء تا ۱۶۰۵) کے زمانے میں بھدرواہ پر راجہ ناگ پال دوم راج کرتا تھا۔اس نے بھڈو، بسوہلی، چمبہ اور کشتواڑ جیسی ہمسایہ ریاستوں کے ساتھ جنگ کر کے اپنی ریاست کو بڑی وسعت دی تھی۔

سولہویں صدی کے دوران ہی اکبرِ اعظم نے ملک کے بیشتر حصوں کے مطیع اور باج گزار راجوں کو دہلی میں منعقد کئے گئے ایک بڑے اجلاس میں شامل ہونے کی دعوت دی۔مروّجہ رسم کے برخلاف دربار میں پہنچ کر بھدرواہ کے راجہ ناگ پال دوم نے شہنشاہِ اکبر کے سامنے باقی راجوں کی طرح سر جھکانے کے بجائے صرف آداب بجا لائے اور واپس اپنی نشست پر بیٹھ گیا۔ یہ ناروا برتاؤ دیکھ کر اکبر بھپر سا گیا مگر وزیروں کے مشورے سے راجہ کے خلاف کوئی تادیبی کاروائی نہیں کی تاہم اُسے

دوسرے دن دوبارہ، دربار میں حاضر ہونے کے لئے کہا۔ دوسری طرف دربار میں فیصلہ لیا گیا کہ ناگ ہال دربار میں داخل ہوتے وقت ایک ملحقہ کھڑکی میں سے گزرے تا کہ اُسے خود بخود سر جھکانا پڑے۔ دوسرے دن راجہ نے کھڑکی میں سے سر نکالنے کے بجائے اپنی ٹانگیں اندر ڈال دیں اور پھر سیدھے طور پر اپنے جسم کا باقی حصہ گزارا۔ اس پر شہنشاہ اکبر کا جلال اپنے عروّج پر آ گیا۔ اس سے پہلے کہ اکبر راجہ کے خلاف تعزیزی کاروائی کرنے کا حکم دیتا۔ راجہ کی پگڑی سے ایک پھندار سانپ نمودار ہوا پھر پانچ پھنوں والا سانپ پگڑی سے ظاہر ہوا۔ اکبر نے راجہ ناگپال سے پوچھا کہ اُس نے بادشاہ کے آگے سر کیوں نہیں جُھکایا تو اُس نے جواب میں کہا کہ ''کیونکہ وہ ناگ راج واسک دیوتا کا عقیدت مند ہے۔ اس لئے وہ صرف اُسی کے آگے سر جُھکاتا ہے''۔ اس پر بادشاہ نے ناگ پال کے نہ صرف خراج کو معاف کر دیا بلکہ شاہی خزانے سے اُسے بڑے انعام واکرام سے نوازا گیا۔ جس میں سونے اور چاندی کے زیورات، برتن، زربِف اور کمخواب، ریشمی پارچہ جات سُنہرے چھاتے اور موسیقی کے آلات شامل تھے۔ ناگ پال نے واپسی پر یہ سارے انعامات اپنے کل دیوتا باسک ناگ کی نذر کر دیئے جو آج تک شاہی محل میں موجود ہیں۔ ناگپال کی اس فتح کو ہر سال میلہ پٹ و ریشمی کپڑوں کے میلے کے طور پر منایا جاتا ہے۔

میلہ سُبھار دھار:

سُبھار دھار بھدرواہ کی خوبصورت ترین اور سرسبز و شاداب چراگاہوں میں سے ایک ہے۔ علاقہ چنتہ کے جنوب میں گھنے جنگلات کے ایک اونچے مقام پر واقع

اس دھار میں شیش ناگ کا ایک قدیم مندر ہے۔ جہاں شیش ناگ کے تئیں عقیدت کے اظہار کے لئے بڑے جوش وخروش کے ساتھ ہزاروں یاتری ڈوڈہ، چلر اہلہ ، بھدرواہ اور کئی دوسرے علاقوں سے آ کر بیساکھی سے ایک دن پہلے یعنی ۲۹ چیت بکرمی کو ہر سال جمع ہوتے ہیں اوراس میلے میں شرکت کرتے ہوئے موسمِ بہار کو بھی خوش آمدید کہتے ہیں۔ بہت اونچائی پر واقع ہونے کی وجہ سے یہ مندر سردیوں کے مہینوں میں بند رہتا ہے۔لیکن مذکورہ تاریخ پر اس کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جب کہ واسک ناگ مندر بھدرواہ اور گاٹھ کے دروازے یکم اور دو بیساکھ کے روز کھولے جاتے ہیں۔

سبھار دھار کے اس میلے کے دوران دو تین دن تک شیش ناگ کی پوجا ہوتی ہے اور بھجن گائے جاتے ہیں۔ دراصل یہ بھدرواہ میں کُڈ یعنی تہواروں کا شروعاتی سلسلہ ہے۔شیش ناگ کے حوالے سے مقامی لوگ، لوک گیت بھی گاتے ہیں۔اس دھار کے متّصل ہی ایک دوسری چراگاہ ''ریوشری'' کہلاتی ہے۔

رہوشرا میلہ:

سبھار دھار کے قریب ہی رہُوشرا دھار واقع ہے۔ جہاں پر ''شیش ماتا'' کا مندر واقع ہے۔ یہاں بھی ہر سال آٹھویں نوراتیرا کو ایک بڑا میلہ لگتا ہے۔جس میں علاقہ چمبہ اور علاقہ چراہلہ کے لوگ جوش خروش کے ساتھ شمولیت کرتے ہیں۔اس یاترا کا زیادہ تر کنٹرول علاقہ چراہلہ کے پُجاری کے ہاتھوں میں ہوتا ہے۔تاہم سبھار دھار کے یاتری بھی اس شیش ماتا کے مندر میں جا کر پوجا پاٹ کرتے ہیں۔ مذکورہ میلوں کے علاوہ دو قدیم تہوار زمانۂ قدیم سے بھدرواہ اور ضلع ڈوڈہ کے کچھ حصوں میں منائے

جاتے ہیں۔ان تہواروں کو''دھرم دیوس''اور''کنچوتھ''کے نام دیئے گئے ہیں۔

کنچوتھ:

یہ خواتین کا تہوار ہے، جو وہ اپنے خاوند یا ہونیوالے جیون ساتھی کی خوشحالی، صحت اور کامیاب ازدواجی زندگی کے لئے مناتی ہیں۔ یہ تقریب بکرمی سال کے ماگھ مہینے میں جو عموماً جنوری کے آخر پر آتا ہے، منائی جاتی ہے۔اس روز خواتین برت رکھتی ہیں۔ جو نصف دن تک جاری رہتا ہے۔اس کے بعد خوش گپیوں اور مذاق کے دوران خوب قہقہے لگائے جاتے ہیں اور خواتین اجتماعی طور پر ناچتی اور گھورائی ناچ کی طرح ایک دوسری کے پیر چھوتی ہیں اور ایک دوسری کی کامیاب ازدواجی کی خواہش کا اظہار کرتی ہیں۔ مرد لوگ عموماً یہ رات اپنی بیوی بچوں میں ہی بسر کرتے ہیں خواہ انہیں کتنی ہی دوری سے اپنے گھر لوٹنا پڑے۔

دھرم دیوس:

دھرم دیوس کے معنی''زمین کی پوجا''بتایا گیا ہے۔ یہ بھی رنگارنگ قسم کا تہوار ہے جو ہر سال ماہِ چیت بکرمی کی یکم تاریخ کو منایا جاتا ہے جب کہ موسمِ بہار اپنے جوبن پر ہوتا ہے۔ دراصل اس دن آنے والے سال کی''ہل بانی''شروع ہوتی ہے۔ جب کہ موسمِ سرما اختتام پذیر ہوتا ہے۔ کسان اور زمیندار اپنے ہلوں اور زمین کی پوجا کرتے ہیں۔اور اپنے بیلوں کے جوڑے کی بھی۔

مکر سنکرانتی کا تہوار:

دھرم دیوس سے پہلے اور لوہڑی کے دوسرے دن یعنی بکرمی سمت کے یکم ماگھ کو

اس علاقہ میں بڑی اہمیت کا حامل ایک اور تہوار ''سنکراتی'' شروع ہوتا ہے۔ یہ تہوار شمالی بھارت کے مختلف مقامات پر بھی منایا جاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ یہ تہوار بھی اُن راجپوت خاندانوں کے لوگوں کے ساتھ بھدرواہ پہنچا جو پنجاب وغیرہ علاقوں سے آ کر یہاں آباد ہوئے تھے۔

ان سب تہواروں کے دوران، پہاڑی، جمبیائی، پنجابی اور بھدرواہی لوگ گیت گائے جاتے ہیں لیکن موسموں اور تہواروں کی مناسبت سے ہی مختلف سازوں پر انہیں پیش کیا جاتا ہے۔

علاقہ بھلیس کا ایک قدیم میلہ......بھیجہ جاگرا:

''موضع بھیجہ'' علاقہ بھلیس کا ایک چھوٹا سا گاؤں علاقہ جطوطہ میں واقع ہے۔ اس گاؤں میں آٹھویں شرادھ کی تتھی کو رات کے وقت ایک مشہور میلہ لگتا ہے جو پراچین کال (زمانۂ قدیم) سے ''بھیجہ جاگرا'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس میلے کو بھلُون بیرو دیوتا کا جاگرا بھی کہتے ہیں۔ چوہان کنبے کے لوگ اس میلے کو اپنے مکان کی چھت پر منعقد کرتے ہیں۔ چھت پر نئی مٹی ڈالی جاتی ہے اور پھر اس مٹی کے ڈھیر کے بیچ میں ایک سلاخ گاڑھ دی جاتی ہے اور اس کے چاروں طرف مہرو کی لکڑی کا ڈھیر بنا کر اُس میں آگ لگا دی جاتی ہے۔ ایک ''چیلا'' گرانی دیتا ہے اور آگ کے جاگرے کے گرد چکر لگاتا ہے۔ گرانی ختم ہو جانے کے بعد ڈھکو ناچ شروع ہوتا ہے، لوگ خوب ناچتے ہیں اور ساتھ ساتھ سریلی آوازوں اور ساز سنگیت میں لوک گیت گاتے ہیں۔ بالآخر چیلا آگ کے شعلوں کو چیرتے ہوئے آگے نکل جاتا ہے۔ رات بھر کے ناچ

نغمے کے بعد یہ میلا اختتام پذیر ہو جاتا ہے اور صبح کے وقت لوگ اپنے گھروں کی طرف لوٹنے لگ جاتے ہیں۔

بھدرواہ کے مشہور لوک ناچ

ڈھکو ناچ:- یہ بھدرواہ کا سب سے بڑا، بہت اہم اور منفرد ناچ ہے جس سے یہاں کے لوگوں کی یک بڑی تعداد لطف اندوز ہوتی ہے۔ مخصوص پوشاکوں میں ملبوس بہت سے لوگ اکٹھے طور پر ایک خاص اور انوکھے انداز میں ایک دائرے یا ایک سے زیادہ دائروں میں ایک منصوبہ بند طریقے کے تحت اپنے جسموں کو آگے اور پیچھے کی طرف بل دیتے ہوئے ڈھول اور دیگر آلاتِ موسیقی کی سروں پر اور دھنوں میں قدموں کی تال اور ہاتھوں کی حرکت کے ساتھ بڑے دلکش اور موزوں لوک گیت کے بول گا گا کر ناچتے ہیں۔ یہ ناچ تین مراحل میں پورا کیا جاتا ہے۔ ہر مرحلے کا دورانیہ دو گھنٹے کا ہوتا ہے۔ کڈ کا یہ میلہ رات یا دن کے وقت منعقد ہوتا ہے تاہم زیادہ تر میلے رات کو ہی منائے جاتے ہیں جب کہ چاند کی روشنی میں ہونے کے علاوہ اُس دوران مشعلیں یا لیمپ جلائے جاتے ہیں۔ کڈ کا میلہ عموماً گیارہ بجے رات سے شروع ہو کر پو پھوٹنے تک لگا رہتا ہے۔ لوگوں کو جمع کرنے کے لئے پہلے ایک تال، جسے ملہار کہتے ہیں، مقامی ڈھول پر یعنی ''دھون'' پر بجایا جاتا ہے۔ پہلے مرحلے کا ناچ پانچ ماتراؤں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ایک تال جسے اکھواؤ ڈھکو یعنی ننگل ڈھکو پر کیا جاتا ہے، چون ۔ تے دِھن، چو، ہے۔ دوسرے مرحلے کا ناچ ''لاساتان'' یعنی تیز دوہرے تال پر کیا جاتا ہے۔ یہ دوہرا تال آٹھ ماتراؤں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس ناچ کے تیسرے مرحلے کی خصوصیت یہ ہے کہ

تال عروج پر چلا جاتا ہے اور کڈ اپنی رفتار سے سرانجام دیا جاتا ہے۔ ڈھول بجانے والے کے ساتھ دوسرا شخص ڈھول پر چمکیں (پتلی ٹہنیوں کی چھڑیاں) مارتا ہوا شامل ہوجاتا ہے۔ ناچ کی رفتار کو پورے زیر و بم تک بڑھایا جاتا ہے۔ جب کہ ناچ میں شامل لوگ محویت اور سُرور کے عالم میں کھو جاتے ہیں۔ اور تماشہ بین خوشی ومسرّت محسوس کرتے ہیں۔ ناچ کا یہ نقطۂ عروج ہوتا ہے۔ اندھیرا ختم ہوتے ہی ناچ بند ہوجاتا ہے اور کڈ اختتام پذیر ہوتے ہی لوگ گھروں کو واپس جانا شروع کر دیتے ہیں جب کہ تال اور سُر کی میٹھی آوازیں ان کے کانوں میں گونجتی رہتی ہیں۔ اس ناچ کے ضروری سامان ہیں، ڈھولک کا جوڑا، بانسریوں کا جوڑا، ذہالی (ڈسک) ایک چھوٹی گھنٹی، نرسنگا، (مُڑا ہوا سینگ) ایک کرتا (سیدھا سینگ) شامل ہیں۔ یہ ناچ اب نہ صرف اندرونِ ریاست بلکہ ملکی سطح پر ایک قومی ناچ کی سی حیثیت حاصل کرچکا ہے۔ اس ناچ میں عام طور پر درزیوں کے سلے ہوئے پٹو کے لمبے لمبے چوغے اور پاجامے، سنتری رنگ کی پگڑی اور ایک کالا اونی کمر بند وغیرہ شامل کئے جاتے ہیں۔ اس ناچ کا مظاہرہ کئی ریاستوں اور ملکی سطح پر کیا جاچکا ہے۔ ناگ دیوتا سے منسوب یہ ناچ یہاں کی ثقافتی شناخت کا ایک اہم حصہ بن گیا ہے۔

ڈھکوناچ کی دوسری قسمیں ڈھولک ناچ اور گھورائی ناچ بتائی گئی ہیں۔

ڈھولک ناچ:- بھدرواہ کے لوک ناچ کی دوسری قسم ڈھولک ناچ ہے۔ یہ ایک قسم کا کورس ناچ ہے جو اکٹھے طور پر کہیں بھی اور کسی بھی وقت کیا جاتا ہے۔ دراصل یہ بھی منفرد قسم کا ایک لوک ناچ ہے جس کا مظاہرہ بہت سے مواقع جیسے شادی بیاہ، دیگر سماجی

تقاریب، خوشی کے مواقع اور عوامی تقاریب کے دوران کیا جاتا ہے۔ کچھ لوگوں کی ایک ٹولی ایک دائرے کی شکل میں بیٹھ جاتی ہے۔ ان میں سے ایک شخص ڈھولک پر تھاپ لگاتا ہے، کوئی ہارمونیم، کوئی سارنگی اور کوئی بنسری بجاتا ہے۔ ناچنے والا شخص گھنگھرو پہنے گانا اور ناچ شروع کرتا ہے۔ اس میں بولے جانے والے لوک گیت کے بول طائفہ کے باقی ساتھی بھی ایک خاص لے اور انداز میں ہاتھ بجاتے ہوئے گاتے ہیں۔ ناچ کے کچھ چکر لگانے کے بعد ناچنے والا آہستہ آہستہ اپنے پاؤں کے پنجے پر بیٹھ جاتا ہے اور موسیقی بند کی جاتی ہے۔ اس طرح کچھ دیر کے بعد دیگر گیت کے بول گائے جاتے ہیں۔ تھوڑے تھوڑے وقفوں کے بعد یہ رقص چلتا رہتا ہے۔ پھر لوگوں کی مانگ یا بار بار اصرار پر کوئی دوسرا کورس شروع ہو جاتا ہے۔ آخر پر ناچنے والے کو اس کے فن اور ہنر مندی کی تصدیق کے طور پر انعام و اکرام سے نوازا جاتا ہے۔

گھورائی ناچ:

لوک ناچ کی تیسری قسم گھورائی ناچ ہے جو صرف خواتین کے لئے مخصوص ہے۔ ڈھکو ناچ کے برعکس اس ناچ میں موسیقی کا کوئی آلہ استعمال میں نہیں جاتا بلکہ گھورائی گیت کی مخصوص دُھن پر کیا جاتا ہے۔ اس گیت کو ناچ میں شامل عورتیں گاتی ہیں۔ اس ناچ میں صرف وہ عورتیں حصہ لے سکتی ہیں جن کے خاوند حیات اور زندہ ہوں۔ دراصل یہ سہاگ ناچ ہے جو ''گوری دیوی'' کی نسبت سے ہی کیا جاتا ہے۔ عام طور پر شادی بیاہ اور خوشی کے مواقع پر عورتیں اس کا بھرپور مظاہرہ کرتی ہیں۔ اس ناچ کا اہتمام ''کنچوتھ'' جیسے اہم تہوار پر زیادہ مناسب خیال کیا جاتا ہے۔ یہ کڑوا

چوتھ تہوار سے مشابہت رکھتا ہے اور سردیوں کے تہواروں کے درمیان علاقۂ بھلیس میں پیش کیا جاتا ہے۔ خواتین تک محدود یہ ناچ سالگرہ کی تقریب سے بھی جُڑا رہتا ہے۔ اس موقع پر بھی خواتین برت رکھتی ہیں اور سورج طلوع ہونے پر نئی پوشاکوں میں ملبوس ہو کر اور اچھے زیورات زیب تن کئے ہوئے کسی ندی یا چشمے پر جا کر ''گوری دیوی'' کی پوجا کرتی ہیں۔ جسے لارڈ شیو کی رفیقۂ حیات تصوّر کیا جاتا ہے۔ اس رسم کے اختتام کے بعد وہ ایک دوسرے کے پاؤں چھوتی ہیں اور گھر چلی آتی ہیں۔ یہ سلسلہ کئی دنوں تک جاری رہتا ہے۔ شادی شدہ عورتیں، دوسری خواتین کو دعائیں دیتی ہیں جس کے جواب میں وہ بھی انہیں شادی شدہ زندگی میں خوش رہنے اور لمبی عمر پانے کی دعائیں دیتی ہیں۔ بعد ازاں یہ خواتین کسی ایک جگہ پر جمع ہو کر ناچتی ہیں اور ساتھ ساتھ تالیاں بجاتی ہیں۔ دائروں میں ناچتے ہوئے ہاتھ جوڑ کر نیچے کی طرف جُھکتی ہیں اور زمین کو چھوتی ہیں۔ اس طرح دھرتی ماتا کو بھی پرنام کرتی ہیں۔ دن کے اختتام پر اچھے اچھے کھانے کھاتی ہیں اور اپنے اپنے خاوندوں کو پھولوں کے تحائف دے کر اپنے پیار کا اظہار کرتی ہیں۔ واپس وہ بھی کوئی تحفہ دے کر اُن سے پیار کا اظہار کرتے ہیں۔ ایک روایت کے مطابق اس ناچ میں ''رانی کاندنی' کی توصیف میں گیت گائے جاتے ہیں، جس نے رعایا کی خاطر اپنی جان قربان کی تھی۔

بھدرواہ کے قدیم تیرتھ استان اور یاترائیں

بھدرواہ میں ناگ پوجا بھارت کے کچھ دیگر حصوں کی طرح قدیم زمانے سے ہی رواج پا گئی تھی جو بقولِ سُکھ دیو سنگھ چاڑک...... ''بھدرواہی لوگوں کا سب سے

